ABC CERTIFEID
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | بدھ 29 جولائی 2026ء 14 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 326

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پرتشدد جتھے کے عزائم ناکام بنادیئے، کشمیر کاز کو نقصان نہیں پہنچنے دینگے، عطا تارڑ

کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو پرامن انتخابات ہضم نہیں ہوئے، میرپور ڈویژن میں 6 لاکھ ووٹ کاسٹ ہوئے، شرپسند عناصر کا مکروہ چہرہ دنیا نے دیکھ لیا ہے، وزیر اطلاعات

ایکشن کمیٹی کی تحریک حقوق چھیننے کی تحریک، احتجاج کی آڑ میں دہشت گردی کی جا رہی ہے، عوامی احتجاج میں اسلحہ استعمال نہیں ہوتا، طلال چوہدری کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ کشمیر کاز کو کبھی نقصان نہیں پہنچنے دیں گے اور نہ ہی کسی کو دھونس اور تشدد کے زور پر اپنی مرضی مسلط کرنے دیں گے۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام نے شرپسند عناصر کو مکمل مسترد کر دیا ہے، پرتشدد جتھے کو کشمیر کی ترقی قابل قبول نہیں ہے، کالعدم جوائنٹ ایکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)


اسلام آباد، وزیر اطلاعات عطا تارڑ اور وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نواز شریف لاہور ہیریٹیج ایریا ریوائیول بورڈ کے چیئرمین مقرر

سابق وزیر اعظم کو بطور ایم این اے بورڈ کا سربراہ مقرر کیا گیا، گورنر نے منظوری دیدی



لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر اعظم نواز شریف لاہور ہیریٹیج ایریا ریوائیول بورڈ کے چیئرمین مقرر ہوگئے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے لاہور ہیریٹیج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کشیدگی میں کمی کیلئے عراقچی کا عمان اور سعودیہ سے رابطہ

برطانوی وزیر خارجہ کی یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملوں کی مذمت

تہران، ریاض (آئی این پی) آبنائے ہرمز میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور خطے کی سیکیورٹی کے حوالے سے اہم سفارتی پیش رفت۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی ارنا کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی اور سعودی عرب کے وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

پاک بحریہ: 4 کموڈورز کی ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی

ترقی پانے والوں میں کموڈور تصور اقبال، محمد عمیر، شاہد واصف اور راؤ احمد عمران انور کے نام شامل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاک بحریہ کے کموڈور تصور اقبال، کموڈور محمد عمیر، کموڈور شاہد واصف اور کموڈور راؤ احمد عمران انور کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ریئر ایڈمرل تصور اقبال نے 1995ء میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے فرانس سے انٹر سروسز اسٹاف کورس بھی کیا ہے اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، جن میں کمانڈنگ آفسر پی این ایس عالمگیر، کمانڈر 25 ڈسٹرائر اسکواڈرن، کمانڈنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اپنا گھر اسکیم کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عام آدمی کو چھت کی فراہمی حکومت کی ترجیح، وزیر اعظم

اپنا گھر اسکیم کی فنانسنگ کیلئے بینک 204 ارب روپے منظور، 27 ارب کی فنانسنگ کی جاچکی، وزارت ہاؤسنگ اور اسٹیٹ بینک پیشرفت کا ہر ہفتے جائزہ لے رہے ہیں، بریفنگ

غریب و متوسط طبقے کو اپنی چھت کے حصول کے لیے ''وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم'' کا اجراء کیا، سرکاری اور نجی بینک اسکیم کو کامیاب کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ فنانسنگ کریں، شہباز شریف کی ہدایت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے عوام کے لیے اپنا گھر اسکیم کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیر اعظم ہاؤس سے جاری کردہ بیان کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر اپنا گھر اسکیم پر پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی قطری ہم منصب سے ملاقات

دوطرفہ اشتراک مضبوط بنانے کے مل کر کام کرتے رہیں گے، شیخ خلیفہ بن حمد

دوحہ (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطری ہم منصب و کمانڈر داخلی سلامتی فورس (لخویا) شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ الثانی سے اہم ملاقات کی جس میں سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

دوحہ، وزیر داخلہ محسن نقوی قطری ہم منصب شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ الثانی سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان، عسکری قیادت کیخلاف ایک اور سازش بے نقاب، چشم کشا انکشافات

صحافی فخر درانی نے غیر ملکی رابطہ کاروں سے ہونے والی گفتگو کی آڈیو اپنے ایکس اکاؤنٹ پر جاری کردی

غیر ملکی انٹیلی جنس نیٹ ورک کی پاکستانی اخبارات میں آرٹیکل شائع کروانے کی بھی پیشکش، صحافی کو بڑی رقم منتقل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور اس کے اداروں کے خلاف کی جانے والی ایک اور سازش بے نقاب ہوگئی جب کہ معروف تحقیقاتی صحافی فخر درانی کے چشم کشا انکشافات سامنے آگئے۔ صحافی فخر درانی نے غیر ملکی رابطہ کاروں سے ہونے والی گفتگو کی آڈیو اپنے ایکس اکاؤنٹ پر جاری کر دیں۔ فخر درانی کے مطابق، ایک غیر ملکی انٹیلی جنس نیٹ ورک نے انہیں پاکستانی اخبارات میں بیرون ملک سے وصول ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

احمد رضا سرور کو نئے وفاقی سیکرٹری داخلہ بنانے کی منظوری

انتظامی امور کا وسیع تجربہ حاصل، وزارت کے معاملات میں مزید بہتری کی توقع

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی حکومت نے وزارت داخلہ میں اہم انتظامی تبدیلی کا فیصلہ کرتے ہوئے وفاقی سیکرٹری داخلہ خرم آغا کو تبدیل کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری احمد رضا سرور کو نیا وفاقی سیکرٹری داخلہ تعینات کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے، اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جلد جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ دوسری جانب ذرائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ترین سطح پر آگئیں

واشنگٹن (آئی این پی) ایران پر امریکی حملے رکنے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مسلسل کمی کا سلسلہ جاری ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برینٹ کروڈ آئل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں پھر کالے بادل، سرمایہ کاروں کے اربوں ڈوب گئے

سٹاک مارکیٹ میں 41 ارب روپے مالیت کے 95 کروڑ شیئرز کا کاروبار ہوا

کراچی (آئی این پی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے اختتام پر مندی کا رجحان دیکھا گیا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز 100 انڈیکس 638 پوائنٹس کی کمی کے بعد ایک لاکھ 77 ہزار 623 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ کاروبار کے دوران 100 انڈیکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

الیکٹرک بسیں آزاد کشمیر کو دینا سیاسی رشوت، پنجاب اسمبلی میں تحریک التواء جمع

بسیں سیاسی رشوت کے طور پر اپنی پارٹی کا ووٹ بینک بڑھانے کے لیے آزاد کشمیر کے لوگوں کو فراہم کی گئی ہیں، اپوزیشن

بسوں کی قیمت وزیر اعلیٰ مریم نواز نے جیب سے ادا کی یا عوام کے خون پسینے کے ٹیکسوں سے ادا کی گئی، اعجاز شفیع

لاہور (نمائندہ خصوصی) الیکٹرک بسیں کشمیر کو دینے کے معاملے پر اپوزیشن رکن اعجاز شفیع نے تحریک التواء اسمبلی میں جمع کروادی، جس میں بسوں کی فراہمی کو سیاسی رشوت قرار دے دیا گیا۔ تحریک التواء کے متن کے مطابق آزاد کشمیر الیکشن مہم کے ایک جلسے میں وزیر اعلیٰ پنجاب نے عوام سے وعدہ کیا کہ انہیں 10 الیکٹرک بسوں کا تحفہ دیا جائے گا اور اگلے دن ہی الیکشن سے قبل 10 الیکٹرک بسیں آزاد کشمیر پہنچا دی گئیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

دریائے چناب بپھرنے لگا

احمد پور شرقیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) دریائے چناب میں پانی کی سطح مسلسل بلند ہونے کے باعث ہیڈ پنجند کے مقام پر سیلابی صورتحال شدت اختیار کرنے لگی جس پر ضلعی انتظامیہ نے قریبی آبادیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

ایاز صادق سے آذربائیجان اور قازقستان کے سفیروں کی الوداعی ملاقاتیں

اسپیکر قومی اسمبلی کی سفیروں کی خدمات کو خراجِ تحسین، نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے آذربائیجان کے سفیر خزر فرہادوف اور قازقستان کے سفیر یرزہان کستافن نے اپنی اپنی مدتِ سفارت مکمل ہونے پر پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں الگ الگ الوداعی ملاقاتیں کیں۔ آذربائیجان کے سفیر خزر فرہادوف سے ملاقات میں پاکستان اور آذربائیجان کے برادرانہ تعلقات، دوطرفہ تعاون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

بیرسٹر ظفر اللہ نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کے عہدے کا چارج سنبھال لیا

لاہور (آئی این پی) نئے تعینات ہونے والے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان نے اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا۔ ایڈووکیٹ جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

5 سال میں آئی پی پیز کو 7275 ارب دینے کا انکشاف

سینیٹ کمیٹی نے نیپرا سے تمام آئی پی پیز کی مکمل تفصیلات طلب کرلیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ نے نیپرا سے تمام آئی پی پیز کی مکمل تفصیلات طلب کرلی ہیں۔ کمیٹی نے آئی پی پیز کے مالکان، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

حافظ نعیم الرحمن سے ایران، افغانستان کے سفیروں کی ملاقات

امیر العظیم کی وفات پر تعزیت، خطہ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امیر جماعتِ اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن سے ایران کے سفیر رضا امیری مقدم اور افغانستان کے سفیر سردار احمد شکیب نے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں جماعتِ اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنرل امیر العظیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تعزیت کی گئی۔ ملاقاتوں میں مرحوم کی دینی، سیاسی اور ملی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، ان کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم سے ایران اور افغانستان کے سفراء ملاقات کر رہے ہیں

نیپرا بغیر حکومتی منظوری تنخواہوں میں اضافے پر سینیٹ کمیٹی کا سخت نوٹس

سی ایس ایس میں عمر کی حد اور مواقع بڑھانے سے متعلق سفارشات پر عملدرآمد کا حکم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر رانا محمود الحسن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ٹیلی کمیونی کیشن ریگولیشن، نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی تنخواہوں اور کارکردگی، گردشی قرضے، آزاد بجلی پیدا کرنے والے اداروں (آئی پی پیز) اور سی ایس ایس مقابلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

کراچی، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری لیاری میں آنکھوں کے ہسپتال کا دورہ کر رہی ہیں، میئر مرتضیٰ وہاب تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان سیاسی اور معاشی استحکام کے نئے دور میں داخل ہو چکا، ہارون اختر

پاکستان۔ ترکیہ برادرانہ تعلقات کو معاشی خوشحالی میں بدلنے کا وقت آگیا ہے

ICCI پاکستان۔ ترکیہ 5 ارب ڈالر تجارتی ہدف کے حصول کیلئے پرعزم، سردار طاہر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ حکومتِ پاکستان نجی شعبے کی قیادت میں اقتصادی ترقی کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے، جبکہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ہر تیسرا شہری ہیپاٹائٹس میں مبتلا ہے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد، جی بی، آزاد کشمیر میں سکریننگ شروع کر دی گئی، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان میں تقریباً ایک کروڑ دس لاکھ افراد ہیپاٹائٹس کا شکار ہیں۔ ورلڈ ہیپاٹائٹس ڈے تقریب سے خطاب میں مصطفیٰ کمال نے کہا وزیر اعظم کے ہیپاٹائٹس پروگرام کے تحت 68 ہزار روپے مالیت کی دوائیں اور 60 ہزار روپے تک کے ٹیسٹ مفت فراہم کیے جا رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

نورین نیازی کے خلاف پیکا اور تعزیرات پاکستان کے تحت مقدمہ درج

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی بہن نورین نیازی کے خلاف این سی سی آئی اے اسلام آباد میں پیکا 2016 اور تعزیرات پاکستان کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

امریکا کی بحری ناکہ بندی مزید کشیدگی تصور ہوگی، ایرانی فوج

کسی بھی دھمکی یا جارحانہ اقدام کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی

تہران (آئی این پی) ایران کی مشترکہ فوجی کمان نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ ایران کے خلاف کسی بھی قسم کی غیر قانونی بحری ناکہ بندی نافذ کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اسے خطے میں جاری تنازع میں مزید کشیدگی کا اقدام تصور کیا جائے گا۔ ایرانی خبر رساں ادارے مہر نیوز کے مطابق القدس فورس ہیڈکوارٹرز کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

عازمین حج 2027 کیلئے پاسپورٹ تجدید کے عمل میں سہولت فراہم

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت مذہبی امور عازمین حج 2027 کیلئے پاسپورٹ تجدید کے عمل میں سہولت فراہم کردی گئی، وزارت مذہبی امور کی درخواست پر پاسپورٹ آفس نے احکامات جاری کردیئے۔ عازمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد، مشیر وزیر اعظم ہمایوں اختر خان، صدر آئی سی سی آئی سردار طاہر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

راولاکوٹ احتجاج میں ملوث عناصر پاکستان کی سالمیت کے خلاف ہیں، خواجہ آصف

یہ عناصر پاکستان کی سالمیت کے خلاف سرگرم، احتجاج کے پیچھے موجود لوگ بھارت کے حمایت یافتہ ہیں، وزیر دفاع

غلیظ نامناسب، لغو زبان اور الفاظ استعمال، ایسے عناصر کو پاکستان دشمنوں کی صف میں شامل کیا جانا چاہیے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے راولاکوٹ میں جاری احتجاج کے پیچھے موجود عناصر کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے اور ان کے خلاف کارروائیاں جاری بھی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ عناصر پاکستان کی سالمیت کے خلاف سرگرم ہیں اور پاکستان دشمنی کا کھل کر اظہار کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ احتجاج کے پیچھے موجود لوگ بھارت کے حمایت یافتہ ہیں اور ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

پاکستان امریکا سٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط ہو رہی ہے، اسحاق ڈار

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے دو ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات، تجارت اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

تعلقات میں مثبت پیشرفت خوش آئند ہے، اعلیٰ سطح کے روابط پاکستان اور امریکا کے تعلقات کی نمایاں خصوصیت ہیں، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکا کے تعلقات میں مثبت پیشرفت خوش آئند ہے اور دونوں ممالک کی اسٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط ہو رہی ہے۔ امریکی کانگریسی وفد اور کاروباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ اعلیٰ سطح کے روابط پاکستان اور امریکا کے تعلقات کی نمایاں خصوصیت ہیں، امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

سپریم کورٹ کا پبلک سہولیات سینٹر مکمل طور پر فعال کر دیا گیا

سائلین گھر بیٹھے مختلف عدالتی سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں، شمائلہ ناز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ کا پبلک فیسیلیٹیشن سینٹر سائلین کی سہولت کے لیے مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے، جہاں اس وقت 23 مختلف خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ اگست 2026 تک ان خدمات کی تعداد بڑھا کر 35 کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ کی پبلک فیسیلیٹیشن اینڈ لائزون آفیسر شمائلہ ناز نے میڈیا کو بریفنگ دیتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کے فروغ میں اہم پیش رفت

آئی سی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کیساتھ ریکارڈ 6.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (آئی این پی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت میں عالمی مسابقت کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ پاکستان کا آئی ٹی شعبہ نمایاں سنگِ میل عبور کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی اہمیت منوا رہا ہے، مالی سال 2026 میں آئی ٹی اور آئی سی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کے ساتھ ریکارڈ 6.4 ارب ڈالر تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، وفاقی وزیر حنیف عباسی اور صوبائی وزیر مریم اورنگزیب پاک ریلوے کی کارکردگی بارے اجلاس میں شریک ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے ورلڈ فوڈ پروگرام کی کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کر رہی ہیں

جاپان میں 7.1 شدت کا زلزلہ، سونامی کی وارننگ جاری

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپان کے جزیرے کیوشو میں 1.7 شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ جاپان کی موسمیاتی ایجنسی کے جاری کردہ بیان کے مطابق جاپان کے جزیرے کیوشو میں 1.7 شدت زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے

بین الاقوامی ٹیم ڈیپ سی سرچ آپریشن کیلئے پاکستان آئیگی

سرچ آپریشن کے دوران ڈائیورز کی مدد سے سالویج آپریشن کیا جائے گا، ذرائع

کراچی (آئی این پی) نجی ایئر لائن کے سمندر میں گرنے والے کارگو طیارے کی تلاش کے لیے بین الاقوامی ڈیپ سی سرچ آپریشن تیز کرنے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اگست کے وسط یا آخر تک بین الاقوامی ماہرین کی ٹیم پاکستان پہنچے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سرچ آپریشن کے دوران ڈائیورز کی مدد سے سالویج آپریشن کیا جائے گا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

ووٹر فہرستوں سے 14 لاکھ 84 ہزار سے زائد ووٹرز کا اخراج

تعداد 13 کروڑ 71 لاکھ سے کم ہو کر 13 کروڑ 65 لاکھ 74 ہزار 399 رہ گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے ووٹر فہرستوں سے 14 لاکھ 84 ہزار سے زائد ووٹرز کو خارج کر دیا، دو ماہ میں ملک بھر میں تقریباً 6 لاکھ رجسٹرڈ ووٹرز کم ہوئے۔ الیکشن کمیشن نے 7 مئی سے 2 جولائی تک کے دوران رجسٹرڈ ووٹرز کے اعداد و شمار جاری کر دیئے، ملک بھر میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں 5 لاکھ 89 ہزار 4 سو 58 کی خالص کمی ریکارڈ کی گئی۔ حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

2 غیر ملکی خواتین اغواء و زیادتی کیس کی سماعت، ریکارڈ طلب

لاہور (آئی این پی) سیشن کورٹ لاہور میں دو غیر ملکی خواتین کے اغوا اور مبینہ زیادتی کے مقدمے میں گرفتار ملزم ساجد علی کی ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت ہوئی۔ ایڈیشنل سیشن جج رفاقت علی گوندل نے ضمانت بعد از گرفتاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ایران پر حالیہ امریکی حملوں میں 60 افراد شہید، 670 زخمی

10 سے 12 روز کے دوران درجنوں شہری جاں بحق، سیکڑوں زخمی، ایرانی وزیر صحت

تہران (آئی این پی) ایران کے وزیر صحت محمد رضا ظفر قندی نے کہا ہے کہ ملک کے جنوبی علاقوں پر امریکا کے حالیہ حملوں میں 60 ایرانی شہری شہید جبکہ 670 کے قریب زخمی ہوئے ہیں۔ ایرانی خبر رساں اداروں کے مطابق محمد رضا ظفر قندی نے بتایا کہ یہ حملے 10 سے 12 روز کے دوران کیے گئے، جن کے نتیجے میں درجنوں شہری جاں بحق اور سیکڑوں زخمی ہوئے۔

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

امریکہ، ایران تنازعے کو مستقل طور پر ختم کیا جائے!

امریکہ اور ایران کے درمیان حالیہ کشیدگی کے بعد پہلی مرتبہ ایسی پیشرفت کی اطلاعات سامنے آئی ہیں جن سے خطے میں پائیدار اَمن کی اُمید پیدا ہوئی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق ایران نے پاکستان کو آگاہ کیا ہے کہ وہ جنیوا، دوحہ یا اسلام آباد میں امریکہ کے ساتھ مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کے لیے تیار ہے۔ پاکستان اور قطر نے ایک بار پھر دونوں ممالک کے درمیان رابطوں کی بحالی اور جنگ بندی کے لیے اہم سفارتی کردار ادا کیا ہے جبکہ مصر اور دیگر علاقائی ممالک بھی ثالثی کی کوششوں میں شریک ہیں۔ ایران کی خواہش ہے کہ مذاکرات مرحلہ وار آگے بڑھیں، پہلے مرحلے میں آبنائے ہُرمز میں بحری نقل وحرکت اور سکیورٹی، دوسرے مرحلے میں ایران کے منجمد اثاثوں اور پابندیوں کا معاملہ جبکہ آخر میں جوہری پروگرام پر بات چیت کی جائے۔ دوسری طرف امریکہ کی طرف سے بھی حالیہ دنوں میں ایران پر فضائی حملوں میں عارضی توقف کیا گیا تھا جبکہ امریکی میڈیا کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے مذاکرات کاروں کو سفارتی رابطے جاری رکھنے کی ہدایت کی تھی۔ وائٹ ہاؤس نے اگرچہ واضح کر دیا تھا کہ امریکہ کے پاس تمام آپشن بدستور موجود ہیں۔ امریکی میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے یہ خبر بھی دی کہ پینٹاگون کے بعض اعلیٰ حکام نے طویل جنگ، اسلحے کے ذخائر میں کمی اور خطے میں مزید عدم استحکام کے خدشات کے باعث وسیع پیمانے پر نئی فوجی کارروائیوں پر تحفظات ظاہر کیے ہیں۔ ایران نے بھی اپنی جوابی کارروائیاں محدود کرتے ہوئے خبردار کیا تھا کہ اگر امریکہ نے دوبارہ حملے شروع کیے تو تنازعہ پورے خطے میں پھیل سکتا ہے۔ یاد رہے کہ ایک طرف یمنی حوثیوں نے بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع سعودی عرب کی تیل کی تنصیبات پر حملے کیے جبکہ دوسری طرف ایران نے یوکرین پر بحیرہ کیسپیئن میں اپنے ایک جہاز کو نشانہ بنائے جانے کا الزام لگایا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق وزارتِ خارجہ نے تہران میں یوکرین کے چارج ڈی افیئرز کو طلب کر کے اِس حملے پر احتجاج بھی کیا تاہم اِسی دوران آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے اور عالمی تجارت کو محفوظ بنانے کے لیے مختلف تجاویز بھی زیرِ غور ہیں۔ جنگ بندی اور مذاکرات کی خبروں کے ساتھ ہی عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں چار سے پانچ فیصد کمی دیکھی گئی جو اِس بات کا ثبوت ہے کہ دنیا اِس کشیدگی کے خاتمے کو نہایت مثبت انداز میں دیکھ رہی ہے۔

امریکہ اور ایران کے درمیان یہ کشیدگی اچانک پیدا نہیں ہوئی، اس کی جڑیں کئی دہائیوں کو محیط ہیں۔ 1979ء کے ایرانی انقلاب کے بعد سے دونوں ممالک کے تعلقات کشیدہ رہے تاہم حالیہ بحران نے اُس وقت شدت اختیار کی جب خطے میں عسکری کارروائیوں، بحری راستوں کے تحفظ اور جوہری پروگرام کے حوالے سے اختلافات کھل کر سامنے آئے۔ امریکہ نے ایران پر اقتصادی پابندیاں مزید سخت کیں جبکہ ایران نے اُنہیں غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اپنے دفاع اور علاقائی مفادات کے تحفظ کا مؤقف اختیار کیا۔ گزشتہ سال جون میں اسرائیل اور امریکہ نے اُس وقت ایران کی جوہری تنصیبات پر حملے کئے تھے جب امریکہ اور ایران کے درمیان معاملات جوہری مذاکرات کے بعد کم وبیش طے ہو چکے تھے۔ اِس دوران ایرانی فوجی قیادت اور جوہری سائنسدانوں کو چن چن کر نشانہ بنایا گیا جس کے بعد ایران امریکہ پر اعتبار نہیں کرتا تاہم اُس نے پاکستان کی کوششوں سے کی جانے والی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے اور کچھ عرصہ جنگ بندی چلتی رہی۔ کم وبیش دو ہفتے قبل جنگ بندی ختم ہوگئی جس سے دونوں ممالک کے درمیان براہِ راست اور بالواسطہ فوجی کارروائیاں شروع ہوئیں، فضائی حملے کیے گئے، آبنائے ہُرمز میں کشیدگی بڑھی جس پر عالمی برادری کو خدشہ پیدا ہوا کہ کہیں یہ تنازعہ پورے مشرقِ وسطیٰ کو اپنی لپیٹ میں نہ لے لے۔ اِس دوران قطر، عمان، پاکستان اور مصر سمیت متعدد ممالک نے ثالثی کی کوششیں تیز کیں تا کہ جنگ کو مزید پھیلنے سے روکا جا سکے۔ پاکستان کی اَنتھک کوششوں کے باعث طے پانی والی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اسرائیل کو ایک آنکھ نہیں بھاتی تھی اس لیے وہ مسلسل اِسے ختم کرانے کے درپے رہا، یہ بات امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے میڈیا کو بھی بتا دی تھی۔ امریکی سیاسی اور عسکری قیادت کے اندر اختلافِ رائے بھی سامنے آتا رہا، بعض حلقے مزید فوجی دباؤ کے حامی رہے جبکہ دوسرے سفارتی حل کو زیادہ مؤثر سمجھتے رہے۔ ایران کی طرف سے بھی یہ اشارے دیے گئے کہ اگر اِس کے بنیادی تحفظات کا احترام کیا جائے تو مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جاسکتا ہے تاہم اُس نے یمن کے ساحل کے نزدیک تیل بردار جہازوں کی آمدورفت کے لیے بنائے جانے والے کوریڈور کی مخالفت کی، اُس نے سفارتی چینل استعمال کرنے کے بجائے تین آئل ٹینکروں پر حملہ کیا جس نے امریکہ کو موقع فراہم کر دیا اور اُس نے جنگ بندی ختم کر کے ایران پر حملے شروع کر دیے۔ کم وبیش 12 روز تک ایران پر مسلسل بمباری کے بعد بالآخر حملے روک دیے گئے اِس کے بعد ایران کی طرف سے بھی جوابی کارروائیاں ختم کر دی گئیں جس کی وجہ سے عالمی مبصرین کا خیال ہے کہ دونوں فریق اب اِس نتیجے پر پہنچ رہے ہیں کہ مکمل فوجی تصادم کسی کے مفاد میں نہیں۔

اب جبکہ مذاکرات کی اُمید پیدا ہوئی ہے تو ضروری ہے کہ فریقین جذبات کے بجائے تدبر کا مظاہرہ کریں۔ ایران کا یہ کہنا اپنی جگہ کہ حوثیوں اور سعودی عرب کا مسئلہ ایک الگ معاملہ ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ حوثیوں کی طرف سے باب المندب میں بحری جہازوں اور عالمی تجارتی راستوں پر حملے پوری دنیا کا مسئلہ بن چکے ہیں۔ اِن کارروائیوں سے نہ صرف تجارت اور توانائی کی ترسیل متاثر ہوئی ہے بلکہ پورے خطے میں عدم استحکام بھی پیدا ہوا ہے۔ ایران کو اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے حوثیوں کو ایسے حملوں سے روکنے میں عملی کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس کے بعض اندرونی حلقوں خصوصاً پاسدارانِ انقلاب کو بھی شدت پسندانہ اور جذباتی بیانیے سے گریز برتنا چاہئے، یہ خبر بھی سامنے آچکی ہے کہ صدر مسعود پزشکیان کی تقریر کا وہ حصہ نشر نہیں کیا گیا جس میں اُنہوں نے کہا تھا کہ امریکہ سے مذاکرات کا آغاز خود سپریم لیڈر کی منظوری سے ہوا تھا، ایرانی سپروائزری کونسل کے ترجمان محمد میرزائی نے اِس عمل کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا تھا کہ یہ رویہ قومی مفاد کے بجائے داخلی تقسیم کو بڑھانے کا سبب بن سکتا ہے، سرکاری نشریاتی ادارہ قومی اتحاد کا مظہر ہونا چاہیے۔ تمام طاقتور اداروں کو ہوش کے ناخن لیتے ہوئے جنگ کے پھیلاؤ کو روکنے، سفارت کاری کو موقع دینے اور اَمن کی کوششوں کی حمایت کرنی چاہیے۔ عالمی منڈی میں جنگ بندی کی خبروں کے بعد تیل کی قیمتوں میں کمی اِس حقیقت کا واضح ثبوت ہے کہ اَمن صرف ایران اور امریکہ ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے مفاد میں ہے۔ وقت آگیا ہے کہ اِس تنازعے کو مستقل طور پر ختم کیا جائے

دہشتگردی کا عفریت!

سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن العزم کے تحت بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ بلوچستان میں کلی کند عمرانی، خڈکوچہ، مستونگ سمیت مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان کو بھاری نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ سکیورٹی فورسز نے آپریشن العزم میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے اور کمین گاہوں کو تباہ کر کے اسلحہ و دھماکا خیز مواد برآمد کر لیا۔ اب تک فتنہ الہندوستان کے 16 دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے ہیں۔ بلوچستان سے دہشت گردی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں مسلسل جاری رہیں گی۔

دوسری طرف خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں چیک پوسٹ پر حملے کی ناکام کوشش کرنے والے فتنہ الخوارج کے دہشت گرد عبرت کا نشان بن گئے۔ ٹانک کے علاقے ماہجی خیل میں واقع پولیس اور پاک فوج کی مشترکہ چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کی جانب سے حملہ کیا گیا تھا۔ ٹانک کے مقامی بازار میں مارے جانے والے حملہ آوروں کی لاشیں لائے جانے پر شہریوں کی جانب سے نفرت کا اظہار کیا گیا۔ مسلسل بدامنی اور تشدد سے متاثرہ مقامی آبادی اب ایسے عناصر کے خلاف کھلے عام اپنے شدید غصے اور بیزاری کا اظہار کر رہی ہے۔ عوام کی جانب سے یہ شدید ردعمل ملک میں امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنے والے عناصر کے لیے ایک واضح اور عبرتناک پیغام کی حیثیت رکھتا ہے۔

پاکستان ایک بار پھر ایسی صورتحال سے دوچار ہے جہاں دہشت گردی کا ناسور ملکی سلامتی، معیشت اور عوام کے سکون کو براہِ راست نشانہ بنا رہا ہے۔ اس سلسلے میں وزیراعظم کا بیان محض ایک روایتی سیاسی بات نہیں بلکہ ایک ایسے قومی عزم کی علامت ہے جو ریاست پاکستان کے ہر ادارے، ہر سکیورٹی اہلکار اور ہر محبِ وطن شہری کے دل کی آواز ہے۔ پاکستان گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے دہشت گردی کے خلاف ایک ایسی جنگ لڑ رہا ہے جس میں ہزاروں جانوں کا نذرانہ دیا جا چکا ہے۔ فوجی جوانوں سے لے کر پولیس اہلکاروں تک، اور عام شہریوں سے لے کر بچوں تک ہر طبقے نے اس جنگ کی قیمت چکائی ہے لیکن اس کے باوجود پاکستانی قوم کا حوصلہ کبھی پست نہیں ہوا۔ آج بھی جب وزیراعظم یہ کہتے ہیں کہ حکومت اور سکیورٹی فورسز آپریشن عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک پوری قوت سے کارروائیاں جاری رکھیں گی تو یہ عزم اس قومی جذبے کا عکاس ہے جو ہر مشکل کے باوجود سرنگوں نہیں ہوا۔

آپریشن عزمِ استحکام دراصل ایک جامع حکمتِ عملی کا نام ہے جس کا مقصد نہ صرف دہشت گردوں کے خلاف براہِ راست کارروائیاں کرنا ہے بلکہ ان کے نیٹ ورکس، مالی معاونت کے ذرائع اور نظریاتی بنیادوں کو بھی جڑ سے اکھاڑنا ہے۔ یہ آپریشن اس بات کا اعلان ہے کہ ریاست اب کسی بھی صورت میں دہشت گردی کے ساتھ نرمی کا مظاہرہ نہیں کرے گی۔ ماضی میں کیے جانے والے مختلف آپریشنز، چاہے وہ ضربِ عضب ہو یا ردالفساد، سب نے یہ ثابت کیا کہ جب پوری قوم اور ریاست یک جہت ہوں تو دہشت گردی کی کمر توڑی جاسکتی ہے۔ آپریشن عزمِ استحکام اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جو موجودہ چیلنجز کے تناظر میں ترتیب دیا گیا ہے۔

بلوچستان کی صورتحال خصوصی توجہ کی متقاضی ہے۔ یہ صوبہ اپنی جغرافیائی اہمیت، معدنی وسائل اور سی پیک جیسے منصوبوں کی وجہ سے ہمیشہ سے دشمن قوتوں کی سازشوں کا مرکز رہا ہے۔ بیرونی قوتیں مقامی عناصر کو استعمال کرتے ہوئے بلوچستان کو عدم استحکام کا شکار بنانے کی کوششیں کرتی رہی ہیں۔ ایسے میں قوم کا بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا اور آپریشن العزم کے ذریعے دہشت گردی کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ ریاست اور عوام ایک ہی نکتے پر متفق ہیں۔ سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں اس بات کی غماز ہیں کہ سکیورٹی ادارے پوری مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ اپنا فرض نبھا رہے ہیں۔

اس تناظر میں یہ بات بھی اہم ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف عسکری اقدامات تک محدود نہیں رہنی چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ سماجی، معاشی اور تعلیمی سطح پر بھی اقدامات کی ضرورت ہے۔ نوجوانوں کو انتہاپسندانہ نظریات سے دور رکھنے کے لیے تعلیمی نصاب میں بہتری، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور میڈیا کے ذریعے شعور بیدار کرنا بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ آپریشنز کے ذریعے دہشت گردوں کا خاتمہ۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ ان علاقوں میں جہاں دہشت گردی کا زیادہ اثر رہا ہے ترقیاتی منصوبوں کو تیز کرے تا کہ مقامی آبادی کو یہ احساس ہو کہ ریاست ان کے ساتھ ہے اور ان کی زندگیوں میں حقیقی بہتری لانا چاہتی ہے۔ بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کو اپنا موقف مضبوطی سے پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی قربانیوں کو بین الاقوامی برادری کے سامنے لانا اور ان قوتوں کو بے نقاب کرنا جو خطے میں عدم استحکام پھیلانے میں ملوث ہیں سفارتی محاذ پر ایک اہم ذمہ داری ہے۔ خطے میں امن و استحکام صرف پاکستان کے مفاد میں نہیں بلکہ پورے خطے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ضروری ہے۔

وزیراعظم کا یہ عزم کہ دہشت گردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی پوری قوم کی امنگوں کا ترجمان ہے۔ آپریشن عزمِ استحکام اور آپریشن العزم جیسی کارروائیاں اس بات کی ضامن ہیں کہ ریاست پاکستان اپنی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ قوم کو چاہیے کہ وہ اپنی بہادر افواج اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ اسی طرح شانہ بشانہ کھڑی رہے جیسا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے عوام نے ثابت کیا ہے۔ جب تک ریاست، فوج اور عوام متحد رہیں گے کوئی بھی دہشت گرد قوت پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانے میں کامیاب نہیں ہوسکے گی۔

اردو ادب کے سنگ میل: خدیجہ، ہاجرہ اور خالد احمد

حرف وسخن
ڈاکٹر فوزیہ تبسم
fouzia.teaching@gmail.com

انجمن ترقی پسند مصنفین کے روحِ رواں جاوید آفتاب کا جب بھی فون آتا ہے وہ مجھے خاص طور پر اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئے ادیبوں، شاعروں کی برسی یا ان کی سالگرہ کے دن خصوصی طور پر مدعو کرتے ہیں۔ جاوید آفتاب کا اوڑھنا بچھونا ادب ہے اور ادب کے نامور لکھاریوں کو یاد کرنا اور خصوصی نشست کا اہتمام کرنا وہ اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کے قریبی دوست کامریڈ بھی اس کاوش میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ آج ان کا فون آیا تو انہوں نے نامور ادیبہ، ناول نگار، افسانہ نگار، ترقی پسند خدیجہ مستور کی سالگرہ کی نشست پر مدعو کیا۔ وہ 11 دسمبر 1927ء کو بریلی بھارت میں پیدا ہوئیں ان کے والد ڈاکٹر تہور احمد خان برطانوی فوج میں ڈاکٹر تھے۔ خدیجہ مستور کا نام آتے ہی ان کے ادبی گھرانے کا ہر شخص یاد آنے لگتا ہے۔ ان کی دو بہنیں عائشہ جمال اور چھوٹی حاجرہ مستور کو کون بھول سکتا ہے وہ بھی ان کی طرح معروف ادیب اور افسانہ نگار تھیں ان کے چھوٹے بھائی توصیف اور سب سے چھوٹے بھائی خالد احمد تھے۔ خالد احمد ممتاز شاعر، ادیب، ڈرامہ نگار، افسانہ نگار، سکرپٹ رائٹر گزرے ہیں۔ خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور کی بڑی بہن عائشہ جمال بھی افسانہ نگار تھیں اور ان کے افسانوں کا مجموعہ "گردِ سفر" کے نام سے شائع ہوا اگرچہ خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور اپنی بڑی بہن سے بہت آگے نکل گئی تھیں ان کی اپنی انفرادیت اور شناخت تھی۔

ہاجرہ مسرور 17 جنوری 1930ء کو غیر منقسم ہندوستان ریاست یوپی اور شہر لکھنو میں پیدا ہوئیں لکھنوء ایک ایسا شہر تھا جو یوپی کی تہذیب وتمدن سے آراستہ و پیراستہ تھا۔ ان کے گھر کی فضا علمی و ادبی تھی ان کی والدہ انور جہاں بیگم تقسیم ہند سے قبل نکلنے والے جریدوں میں مضمون لکھا کرتی تھیں جن میں نمایاں ترقی جریدہ "عصمت" تھا۔ ان کے والد کیونکہ سرکاری ملازم تھے اور ملازمتی تبادلوں کے باعث یوپی کے چھوٹے چھوٹے اضلاع میں تعیناتی ہوتی رہتی یوں ان جگہوں پر سرکاری افسر ہونے کے ناتے بے حد پذیرائی ہوتی وہ بہت شریف اور خوددار تھے لوگ ان کو بہت عزت وقدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ ان کے والد اچھی اور عمدہ کتابوں کے رسیا تھے گھر میں کتابیں اور رسالے کثرت سے موجود تھے۔ یوں گھر کی فضا میں بچوں کی چہکار اور علم وادب کی پکار ہر لمحے سنائی دیتی یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات۔

خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور کی طبیعتوں میں بہت فرق تھا۔ بچپن میں خدیجہ کو وہ سارے شوق تھے جو لڑکوں کے ہوتے ہیں مثلاً لڑنا، جھگڑنا، دنگا فساد کرنا، درختوں پر چڑھنا، بھینس کے ساتھ تیرنا، گلی ڈنڈا کھیلنا اور بھی نجانے کتنے شوق خدیجہ کی رشتہ دار انہیں کہتیں کہ ولیوں کے گھر بھوت پیدا ہو گیا ہے۔ خدیجہ کو کسی کی باتوں کی پرواہ نہ ہوتی زبان ایسے فراٹے سے چلتی کہ ہم عمر دوست انہیں قینچی کہہ کر چھیڑا کرتے تھے اس پر وہ بہت رویا کرتی تھیں۔ ابتدائی تعلیم بہنوں کو قرآن پاک، فارسی اور اردو نصاب پڑھانے مختلف اوقات میں گھر اساتذہ آتے پھر ایک وقت آیا کہ خدیجہ قرآن پڑھنے کے بعد بچوں کو خود قرآن پڑھایا کرتیں۔ ان کے والد محترم چاہتے تھے کہ بچیوں کو تعلیم سے آراستہ کیا جائے اور ساتھ میں گھر گھرہستی سکھائی جائے۔ اسی وجہ سے ماں باپ، بچوں کی تربیت پر بے حد دھیان دیتے، اچھا کھلانا اور اچھا پہنانا گویا ان کے گھر کا شعار تھا۔ خدیجہ مستور نے بچپن میں اپنے والدین کی زبان سے لفظ "پلاٹ" سن رکھا تھا اور اس کے معنی جاننے کے بعد سارے گھر میں اتراتی پھرتی اور کہتیں میرے ذہن میں کہانیوں کے بہت سے "پلاٹ" ہیں۔ گھر والے ہنستے تاہم والدین ان کے شوق کو بہت اہمیت دیتے اور کہتے کہانیاں کہتی رہو۔ ان کے والد محترم نے ایک بار عائشہ، خدیجہ اور ہاجرہ کو لکھنوء بھیجا وہاں ان کی شوکت تھانوی سے ملاقات ہوئی۔ خدیجہ نے ان سے بھی اپنے پلاٹوں کا ذکر کیا انہوں نے بے حد حوصلہ افزائی کی۔ اس ہنستے مسکراتے گھرانے کو نجانے نظر لگ گئی اور اچانک تہور احمد خان 38 سال کی عمر میں انتقال کر گئے یہ دسمبر 1937ء تھا اس گھرانے کیلئے زمانے کی گردش گویا رک سی گئی۔ زندگی جو ذرا پہلے سہانہ خواب دکھائی دے رہی تھی بھیانک عذاب بن گئی گھر کا شیرازہ بکھر گیا تھا۔ باپ کا سایہ سر سے اٹھنے کے بعد اس خانوادے کو پھر ایک بار لکھنوء کا رخ کرنا پڑا تاہم اب زندگی کے اطوار وہ نہ رہے تھے۔ خانوادے کا واحد مرد پانچ برس کا توصیف تھا۔ ماں نے عزم صمیم کے ساتھ نئی زندگی کے آغاز کا فیصلہ کیا۔ ہاجرہ اور خدیجہ نے ابتداء میں ہی ایک دن گیت لکھنے کی مشق کی مگر بات نہ بنی پھر دونوں نے افسانے کے بارے میں سوچا اور دونوں بہنوں نے ایک دوسرے سے منہ موڑ کر ایک کمرے میں بیٹھ کر لکھنا شروع کیا دونوں بہنیں کامیاب ہوئیں اور یوں وہ اپنے لکھے افسانے مختلف جریدوں میں بھیجنے لگیں۔ خدیجہ کا افسانہ "صبھا" اور ہاجرہ کا "لاوارث لاش" دونوں بہنوں کو ایک دوسرے کے افسانے سن کر ایک سرشاری کی سی کیفیت طاری رہی۔ دونوں بہنوں نے طے کیا کہ ہم افسانے دلی میں مقیم ایک ادبی حیثیت کے مالک عزیز کو بھیجیں گے تا کہ شائع ہوں۔ عزیز نے افسانے پڑھنے کے بعد ایک خط میں دونوں بہنوں کو نصیحت کی کہ پردے دار اور شریف گھرانوں کی مسلمان بیٹیوں کو اس قسم کی باتیں زیب نہیں دیتیں۔ ماں نے یہ سنا تو بیٹیوں کو کہا کہ آپ اپنا شوق جاری رکھیں۔ پھر خدیجہ نے ایک جریدے کیلئے اپنا نیا افسانہ شائع ہونے کیلئے بھیجا مگر وہ شائع نہ ہوا انہوں نے جریدہ انہیں بھیجنا شروع کر دیا۔ خدیجہ وہ جریدہ ہاتھ میں لئے سارا دن اتراتی پھرتیں۔ احمد ندیم قاسمی صاحب جب ادبِ لطیف کے مدیر تھے تو انہوں نے خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور کے افسانے پڑھے تو فوراً انہیں فرمائش کی کہ آپ ادبِ لطیف کیلئے بھی افسانے لکھیں یوں دونوں بہنوں کے قدم افسانے کی دنیا میں برق رفتاری سے آگے بڑھنے لگے۔ 1947ء میں پاکستان بننے کے بعد ترکِ وطن کرنے اور پاکستان کی طرف کوچ کرنے کا فیصلہ کیا۔ خدیجہ کے اہلِ خانہ نے لکھنوء کو ایک بار پھر ہمیشہ کیلئے خیر باد کہا اور نئی مملکتِ پاکستان میں نئی امید کے ساتھ داخل ہوئے۔ انہوں نے تاریخی شہر لاہور کا رخ کیا۔ پاکستان میں آتے ہی مشہور افسانہ نگار شاعر احمد ندیم قاسمی نے اخلاقی اور قلمی معاونت کی۔ پاکستان آنے کے بعد خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور نے پے درپے اپنی تخلیقات سے اہل ادب کو نوازا۔

خدیجہ مستور کا پہلا ناول "آنگن" 1962ء میں منظرِ عام پر آیا۔ تقسیم ہند کے موضوع پر لکھا گیا یہ ناول بے حد مشہور ہوا انہیں اس پر آدم جی ادبی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ان کا ایک اور ناول "زمین" 1987ء میں سامنے آیا افسانوی مجموعے، کھیل (1944)، بوچھاڑ (1946)، چند روز (1951) اور تھکے ہارے (1962) وغیرہ شامل ہیں۔ خدیجہ مستور کی شادی احمد ندیم قاسمی کے بھانجے ظہیر بابر سے انجام پائی۔

آئیڈیلزم کا بُت ٹوٹ رہا ہے

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

اس خبر کا بڑا چرچا ہے کہ نوجوانوں کی سی ایس ایس کے امتحان میں دلچسپی کم ہوگئی ہے، اب اگر کوئی اس کا یہ مطلب نکالتا ہے کہ ملک میں سی ایس پی افسروں کی ناکامی اور معاشرے میں پائے جانے والے ان کے بارے میں منفی تاثر کی وجہ سے ایسا ہوا ہے، تو اسے اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی کہا جا سکتا ہے۔ جہاں چھوٹی چھوٹی سرکاری نوکریوں کیلئے ایک پوسٹ پر ہزاروں امیدوار درخواستیں دیتے ہوں وہاں سی ایس ایس کے بعد ملنے والے شاہانہ بلکہ شاہانہ سے بھی آگے کی نوکری میں نوجوان دلچسپی چھوڑ دیں گے، صرف اسلئے کہ لوگ اب ان افسروں کو اچھا نہیں سمجھتے بہت بڑا تجاہل عارفانہ ہے۔ میں نے اس موضوع پر بعض تجزیہ کاروں کی گفتگو سنی ہے۔ وہ بات کا بتنگڑ بنا دیتے ہیں، اس ملک میں یکدم تو ایسی کایا کلپ نہیں ہوسکتی کہ جو پرکشش ہے وہ بے کشش ہوجائے۔ بات کچھ اور ہے اور اس کا تعلق سی ایس ایس کے امتحان کی پیچیدگیوں، اس کے نصاب کی لایعنیت اور پھر انٹرویو میں غیر شفافیت سے ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے سی ایس ایس کی تیاری بھی انٹری ٹیسٹ اور ایم ڈی ٹیسٹ کی طرح ہوتی ہے۔ گھر بیٹھ کے کم ہی ہوسکتی ہے اور جو سی ایس ایس کی تیاری کرانے والی اکیڈیمیاں ہیں ان میں کوئی غریب اور ذہین بچہ جا ہی نہیں سکتا کیونکہ فیس لاکھوں میں لی جاتی ہے۔ بمشکل ہر سال سوسوا سو آسامیاں آتی ہیں اور درخواستیں ہزاروں آ جاتی ہیں۔ ملک کے کئی شہروں میں تحریری امتحانات ہوتے ہیں لیکن دور دراز کے طالب علم ان بڑے شہروں میں جانے کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے پھر سب سے بڑی رکاوٹ انگریزی میڈیم ہے، کئی دہائیاں گزر گئیں یہ مطالبہ کرتے کہ سی ایس ایس کا امتحان اردو میں لیا جائے مگر زمیں جنبد نہ جنبد گل محمد، ایک خاص مائنڈ سیٹ جو اوپر بیٹھا ہے، وہ اس مطالبے کو کمتر معیار کا سمجھتا ہے، اس کے نزدیک اگر ذریعہء اظہار اردو ہوگیا تو ساجھے ماجھے والدین کے بچے بھی آگے آ جائیں گے، جنہیں روکنا ضروری ہے وہ اگر سی ایس ایس کر گئے تو افسری کا معیار بھی بدل جائے گا اور وہ عام آدمی کا سوچیں گے انہی کی زبان میں بات کریں گے۔ 1973ء کا آئین بنانے والوں نے اگلے دس سال میں اردو کو سرکاری زبان بنانے کی ہدایت کی تھی، آج 53 سال گزر گئے اردو سرکاری زبان نہیں بن سکی، اس ضمن میں سپریم کورٹ نے بھی کئی بار ڈائریکشن دی، مگر سپیریئر والوں کو زیر نہ کر سکی۔ کاش اب کوئی اس معاملے کو آئینی عدالت میں لے جائے اور بتائے کہ سرکاری آئین کی یہ منشاء بھی آپ کی نظر کرم چاہتی ہے۔

آپ کو کوئی ایسا سی ایس پی افسر مل جائے جو کئی برسوں سے او ایس ڈی بنا بیٹھا ہے اور اس سے جونیئر طاقتور پوسٹوں پر براجمان ہیں تو آپ سی ایس ایس کے ایک اور چہرے سے روشناس ہوتے ہیں جب ایسے افسروں سے نوجوان ملتے ہیں تو ان کے اندر یہ مایوسی بھی آ جاتی ہے کہ عام کلاس سے ہونے کے باوجود اگر وہ اپنی محنت سے سی ایس ایس کر بھی گئے تو ساری سروس جلتے کڑھتے گزاریں گے کیونکہ بڑی پوسٹوں پر تو ایلیٹ کلاس سے تعلق رکھنے والے تعینات ہوں گے، یہ میں کوئی افسانوی بات نہیں کر رہا۔ خود لاہور سیکرٹریٹ کے اندر ایسے بیسیوں افسر تقرری کے منتظر ہیں جن کے جونیئر ڈویژنوں میں کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور محکموں کے سیکرٹری بنے بیٹھے ہیں۔ لابی ازم کہیں یا حکومت کی ترجیحات جونیئر افسر اسلئے مراد پا جاتے ہیں کہ ان میں لچک زیادہ ہوتی ہے۔ وہ اصول کی بجائے نظریہء ضرورت کو جلد مان جاتے ہیں جبکہ ایک تجربہ کار اور سینئر گریڈ کا افسر کہیں نہ کہیں آنکھیں ضرور دکھاتا ہے اور یہ چیز آج کے نظریہء حکمرانی میں بہت معیوب سمجھی جاتی ہے۔ پنجاب میں تو صوبائی سروس کے افسر بھی اپنا حق مانگ رہے ہیں جو سی ایس پی افسروں کو دے دیا گیا ہے۔

یہ بات ایک اصول کے طور پر مانی جاتی تھی کہ سرکاری پوسٹوں پر ایک خاص کوٹے کے وقت صوبائی افسروں کا تقرر کیا جائے گا۔ یہ نظام ایک حد تک چلتا بھی رہا، مگر اس وقت صورت حال یہ ہے کہ پنجاب کی تمام کی پوسٹوں پر پی ایم ایس کے افسر تعینات ہیں۔ سیکرٹریٹ سے لے کر تحصیل کی سطح کے افسروں تک اسی کلاس کی اجارہ داری ہے بلکہ وہ محکمے جو کبھی سائیڈ لائن تصور کئے جاتے تھے اور ان پر اکثر صوبائی سروس کے افسر تعینات ہوتے تھے ان پر بھی وفاقی سروس کے افسر لگا دیئے گئے ہیں اور اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ سی ایس پی افسروں کی تعداد ہی اتنی زیادہ ہوگئی ہے کہ انہیں محکموں میں کھپانا مجبوری بن چکی ہے۔

یہ سب باتیں یہ سب حقیقتیں پڑھے لکھے نوجوانوں تک پہنچتی ہیں اتنے کڑے امتحان سے گزر کر بھی پوسٹنگ کیلئے ترلے منتیں اور سفارشیں ڈھونڈنے کی خبریں انہیں بھی معلوم ہوجاتی ہیں اب ایسے میں بددلی تو پھیلتی ہے اور نوجوانوں کا اعتبار تو اٹھتا ہے۔ ہاں البتہ سی ایس ایس امتحان میں نوجوانوں کی کم تعداد میں شمولیت کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ معاشرے میں گورننس کے بُرے معیار کا باعث بیوروکریسی کو قرار دیا جاتا ہے۔ ایک نوجوان مجھے مارننگ واک کے دوران ملا۔ اس نے بتایا وہ پچھلی بار سی ایس ایس کا تحریری امتحان پاس کر گیا تھا، انٹرویو کیلئے بھی کوالیفائی کر لیا تھا مگر شارٹ لسٹ میں آنے سے رہ گیا۔ میں نے کہا دوبارہ دو، اس بار ہو جاؤ گے، اس نے کہا نہیں اب نہیں دوں گا۔ پھر اس نے ایک ایسی وجہ بتائی جو حیران کن تھی، اس نے کہا آج کل ہر سی ایس پی افسر کوئی بھی کام کرتے ہوئے جو بینر لگاتا ہے اس پر لکھا ہوتا ہے "سی ایم کے ویژن کے مطابق"۔ میں سوچتا ہوں ان افسروں کا کیا کوئی اپنا ویژن نہیں، کوئی کام اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق نہیں کر سکتے۔ ایسی ذہانت، ایسی سروس کا کیا فائدہ جس میں انسان اپنی مرضی کے فیصلے بھی نہ کر سکے۔ اس ایک بات سے بھی اندازہ لگایا جا سکتا ہے ہمارے نوجوان حالات کو کس باریک آنکھ سے دیکھتے ہیں اور ان کی سوچ کس قدر گہری ہوتی ہے۔ آئیڈیلزم دنیا کی بہت بڑی حقیقت ہے۔ یہ موجود رہے تو آگے بڑھنے کی خواہش بھی زندہ رہتی ہے۔ ہمارے ہاں یہ آئیڈیلزم ہو رہا ہے جو ادارے نوجوانوں کا خواب ہوا کرتے تھے وہ اپنی اہمیت اور قدر کھو رہے ہیں۔ ایسے میں یہ بات حیران کن نہیں کہ نوجوانوں کا سی ایس ایس کی طرف رجحان کم ہوگیا ہے، اسے ایک بڑا ٹرننگ پوائنٹ سمجھا جائے۔

فن وثقافت

SHEHAR NAMA شہرنامہ

حرامانی سے رنجش رکھنا اور بات چیت بند رکھنے کا فیصلہ درست نہیں تھا، سید محمد احمد

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان کے سینئر اداکار، مصنف اور ڈرامہ نگار سید محمد احمد نے اداکارہ حرامانی سے برسوں تک جاری رہنے والی ناراضی پر خاموشی توڑتے ہوئے اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے غصے میں ایک بڑی غلطی کی، جس پر آج انہیں شدید افسوس ہے۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے محمد احمد نے بتایا کہ ایک ڈرامے کی شوٹنگ کے دوران حرامانی سے اختلافات پیدا ہوئے، جس کے بعد وہ ان سے اس قدر ناراض ہو گئے کہ ان کی معذرت بھی قبول نہیں کی۔ ان کے مطابق حرامانی بار ہا انہیں پیغامات بھیج کر معافی مانگتی رہیں، لیکن انہوں نے کبھی ان کا جواب نہیں دیا۔ محمد احمد نے انکشاف کیا کہ اس ناراضی کا اثر ان کے پیشہ ورانہ تعلقات پر بھی پڑا۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت ایسا آیا جب انہوں نے حرامانی کے ساتھ ایک ہی منظر میں کام کرنے سے بھی انکار کر دیا۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے بتایا کہ مقبول ڈرامہ 'میرے پاس تم ہو' میں حرامانی نے ان کی بیٹی کا کردار ادا کیا تھا، لیکن ناظرین اگر غور کریں تو دونوں کا ایک بھی مشترکہ سین موجود نہیں۔ اداکار کا کہنا تھا کہ حال ہی میں حرامانی سے ملاقات نے انہیں اپنی سوچ پر نظر ثانی کرنے پر مجبور کر دیا۔ ان کے مطابق ملاقات کے دوران حرامانی نے انہیں گلے لگایا اور آبدیدہ ہوگئیں، جس کے بعد انہیں احساس ہوا کہ برسوں تک دل میں رنجش رکھنا اور بات چیت بند رکھنا درست فیصلہ نہیں تھا۔ محمد احمد نے اعتراف کیا کہ انہوں نے صرف حرامانی سے دوری اختیار نہیں کی بلکہ ان کے رویے کے بارے میں انڈسٹری کے دیگر افراد سے بھی منفی باتیں کرتے رہے، جس پر اب انہیں شرمندگی محسوس ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ بھی آخر ایک انسان ہیں اور اب انہیں اپنی اس روش پر ندامت ہے، اسی لیے وہ کھلے دل سے مانتے ہیں کہ یہ ان کی بڑی غلطی تھی۔

ٹام کروز کی بیٹی نے والد کا نام ترک کر کے نئی شناخت اپنالی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ہالی ووڈ اسٹار ٹام کروز اور اداکارہ کیٹی ہومز کی بیٹی سوری نے اپنی شناخت کے حوالے سے اہم فیصلہ کرتے ہوئے والد کا سرنیم 'کروز' ترک کر دیا ہے۔ امریکی میگزین پیپل کے مطابق اداکار کی 20 سالہ بیٹی نے اب اپنا نام سوری نوئلی رکھ لیا ہے۔ وہ پٹسبرگ کی کارنیگی میلن یونیورسٹی میں زیرِ تعلیم ہیں اور اکتوبر 2024 میں ووٹر رجسٹریشن کے دوران بھی اسی نام کا استعمال کر چکی ہیں۔ سوری نے 'نوئلی' نام اپنی والدہ کیٹی ہومز کے مڈل نیم سے لیا ہے۔ انہوں نے پہلی مرتبہ جون 2024 میں ہائی اسکول گریجویشن کے موقع پر یہ نام استعمال کیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق سوری نے اپنی والدہ کے لیے حمایت کا اظہار، اپنی شناخت خود بنانے، اور کالج کی زندگی میں نئی شروعات کرنے کیلئے یہ فیصلہ کیا ہے۔ کیٹی ہومز نے بیٹی کی کامیابی اور کالج جانے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "مجھے سوری پر فخر ہے، بیٹی کے قریب نہ رہنے پر اس کی کمی محسوس ہوگی لیکن میں اس کے نئے سفر پر بہت خوش ہوں۔"

ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے کی ساتھ میں لی گئی نئی سیلفی وائرل

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی اداکار ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے بچن کی نیویارک میں ایک مداح کے ساتھ لی گئی سیلفی سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے کیونکہ کئی سالوں سے جوڑے کی علیحدگی کی خبریں میڈیا پر گردش کر رہی تھیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصویر میں ابھیشیک اور ایشوریا ایک مداح کے ساتھ سیلفی کے لیے پوز دیتے دکھائی دے رہے ہیں۔ دونوں کے چہروں پر ہلکی مسکراہٹ ہے جبکہ ابھیشیک نے سیاہ کیپ اور چشمہ پہن رکھا ہے اور ایشوریا کھلے بالوں اور سرخ لپ اسٹک میں نظر آرہی ہیں۔ ابھیشیک اور ایشوریا گزشتہ کئی ماہ سے اپنی شادی میں مبینہ اختلافات کی خبروں کے باعث توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں، تاہم دونوں نے ان افواہوں پر اب تک کوئی باضابطہ بیان نہیں دیا۔ ایسے میں نیویارک سے سامنے آنے والی اس تصویر کو مداح دونوں کی ایک ساتھ موجودگی کی خوشگوار جھلک قرار دے رہے ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تصویر کو بڑے پیمانے پر شیئر کیا جا رہا ہے اور کئی مداحوں نے اسے جوڑے کے درمیان سب کچھ ٹھیک ہونے کی امید سے بھی جوڑا ہے۔

ریمپ واک میں متھیرا اور صاحبہ کے لڑکھڑانے کی ویڈیوز وائرل

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف شخصیات متھیرا اور صاحبہ ایک فیشن ایونٹ میں ریمپ واک کے دوران پیش آنے والے غیر متوقع واقعے کے باعث سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی ہیں حال ہی میں منعقد ہونے والے ایک فیشن شو میں متعدد اداکاراؤں اور ماڈلز نے معروف ڈیزائنرز کے ملبوسات کی نمائش کے لیے ریمپ پر واک کی، تاہم ایونٹ کے دوران متھیرا اور صاحبہ کی واک کی ویڈیوز تیزی سے وائرل ہوگئیں۔ وائرل ویڈیوز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ریمپ پر چلتے ہوئے دونوں فنکاراؤں کو توازن برقرار رکھنے میں دشواری پیش آئی، جبکہ بعض مواقع پر وہ لڑکھڑاتی بھی نظر آئیں۔ سوشل میڈیا صارفین کا کہنا ہے کہ تقریب میں صرف متھیرا اور صاحبہ ہی نہیں بلکہ دیگر شرکا بھی بار بار توازن کھوتے دکھائی دیے، جس کے بعد ریمپ کی تیاری اور معیار پر سوالات اٹھنے لگے۔

مومنہ اقبال اسکینڈل: ثاقب چدھڑ گناہ گار قرار

لاہور (بیورو رپورٹ) اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں کرنے کے کیس میں ایم پی اے ثاقب چدھڑ کے خلاف تفتیش مکمل ہو گئی ہے جس میں وہ قصوروار پائے گئے ہیں۔ سیشن کورٹ لاہور کے ایڈیشنل سیشن جج نصرت صدیقی نے مقدمے میں ملزمان کی عبوری ضمانت پر سماعت کی جس کے دوران مومنہ اقبال کی جانب سے عدنان احسان ایڈووکیٹ جبکہ ثاقب چدھڑ کی جانب سے رانا معروف ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ تفتیشی افسر نجم باجوہ نے عدالت کو بتایا کہ ثاقب چدھڑ کی اہلیہ سمیرا نے دو روز قبل اپنا موبائل فون نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) میں جمع کروایا تھا، ان کی تفتیش مکمل ہو چکی ہے اور اس کے دوران انہیں قصوروار پایا گیا ہے۔ نجم باجوہ نے عدالت کو بتایا کہ سمیرا کا موبائل فون فرانزک تجزیے کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ مومنہ اقبال کے وکیل عدنان احسان نے عدالت سے استدعا کی کہ ملزمان کی عبوری ضمانت خارج کی جائے۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزمان کی آزادی مومنہ اقبال کے لیے خطرے کا باعث بن سکتی ہے۔ عدالت نے فریقین کے وکلاء کو آئندہ سماعت پر حتمی دلائل کے لیے طلب کرتے ہوئے ملزمان کی عبوری ضمانت میں 3 ستمبر تک توسیع کر دی ہے

بقیہ نمبر 1

کے لیے عوام پاکستان پارٹی کے علاوہ کوئی جماعت سامنے آنے کو تیار نہیں ۔انشاللہ سابق وزیراعظم پاکستان وسربراہ عوام پاکستان شاھد خاقان عباسی مہنگائی کے خلاف اس تحریک کو خود لیڈ کرینگے اور عوام کو انکے حقوق دلوا کر ہی دم لینگے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا نمائندگان سے سابق وزیراعظم پاکستان وسربراہ عوام پاکستان پارٹی شاھد خاقان عباسی سے ملاقات کے بعد کی

بقیہ نمبر 2

والے فلسطینی شہریوں کو نشانہ بنایا۔آبادکاروں نے مقبوضہ مشرقی بیت المقدس کے قریب اور رملہ کے اطراف میں بھی فلسطینیوں پر حملے کئے، اسرائیلی فورسز نے الخلیل کے جنوب میں واقع المختار چوک پر چھاپہ مار کارروائی کی جس کے دوران ایک فلسطینی شہری کو گولی مار کر زخمی کردیا گیا۔دیگر علاقوں میں بھی اسرائیلی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں، فوج نے ایک فلسطینی شہری کو حراست میں لے لیا۔ ادھر اسرائیل نے 60 فلسطینی قیدیوں کو رہا کر کے غزہ بھیج دیا۔ یہ کارروائی ریڈ کراس کی نگرانی اور سہولت سے انجام دی گئی، رہا کئے گئے افراد کو کرم ابو سالم سرحدی گزرگاہ کے ذریعے خان یونس منتقل کیا گیا جہاں انہیں ناصر میڈیکل کمپلیکس پہنچایا گیا۔اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ رہا کئے گئے افراد خطرناک نہیں تھے، ریڈ کراس نے بتایا کہ 2023 سے اب تک وہ اسی نوعیت کی کارروائیوں کے ذریعے 2,500 سے زائد زیرحراست افراد کی منتقلی میں سہولت فراہم کرچکی ہے۔ادارے نے کہا کہ اکتوبر 2023 سے اسے اسرائیلی حراستی مراکز میں موجود قیدیوں تک رسائی حاصل نہیں ہوسکی۔دوسری جانب امریکا نے مقبوضہ مغربی کنارے میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر سرکاری اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ کے سفر پر عائد عارضی پابندی میں توسیع کر دی ہے۔امریکی سفارت خانے نے ایک بیان میں کہا کہ بڑھتے ہوئے سکیورٹی خدشات اور غیر یقینی صورتحال کے باعث امریکی سرکاری ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے اس علاقے کے سفر پر پابندی برقرار رکھی گئی ہے۔یہ پابندی ابتدائی طور پر اتوار کو نافذ کی گئی تھی جسے اب بدھ کی شام تک بڑھا دیا گیا ہے، بیان میں کہا گیا ہے کہ اگر حالات میں تبدیلی نہ آئی تو پابندی میں مزید توسیع بھی کی جاسکتی ہے۔دریں اثنا اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی بستیوں کی توسیع کے منصوبوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بستیاں بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔گوتریس نے کہا فلسطینی علاقوں میں قائم اسرائیلی آبادکار بستیاں قانونی حیثیت نہیں رکھتیں، یہ خطے میں امن کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں، اسرائیلی آبادکاری کی پالیسی دو ریاستی حل اور اسرائیلی و فلسطینی عوام کے درمیان منصفانہ، دیرپا اور جامع امن کے قیام میں رکاوٹ بن رہی ہے۔انہوں نے ایک بار پھر شہریوں کے تحفظ اور بین الاقوامی انسانی حقوق و انسانی قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے احتساب پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 3

کے بیشتر اضلاع میں 29 جولائی سے 5 اگست تک وقفے وقفے سے بارشوں کا امکان ہے، جبکہ جنوبی پنجاب، مشرقی و جنوبی بلوچستان اور سندھ کے مختلف اضلاع میں بھی 31 جولائی سے 3 اگست کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارشیں متوقع ہیں۔ بعض مقامات پر شدید اور کہیں کہیں انتہائی شدید بارش بھی ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ شدید بارشوں کے باعث اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، ملتان، پشاور، نوشہرہ سمیت کئی شہروں میں اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے جبکہ کشمیر، مری، گلیات، بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا بھی امکان ہے۔اس کے علاوہ مقامی ندی نالوں میں طغیانی اور فلیش فلڈنگ کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے تیز بارش، آندھی اور آسمانی بجلی کے باعث کمزور تعمیرات، بجلی کے کھمبوں، سولر پینلز اور بل بورڈز کو نقصان پہنچنے کا بھی خدشہ ظاہر کیا ہے۔ادارے نے متعلقہ حکام کو الرٹ رہنے، کسانوں کو موسمی صورتحال کے مطابق زرعی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنے اور سیاحوں و مسافروں کو غیر ضروری سفر سے گریز اور احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 4

پیش آیا جہاں زیر تعمیر نالے کے لیے بجری کا انبار سڑک پر تھا مرحوم تکبیر چوک سے اپنے گھر کی طرف جا رہا تھا کہ بجری انبار کو دیکھتے ہی خوف زدہ ہونے باعث موٹر سائیکل بے قابو ہو کر سڑک پر گر گئی سر پر شدید اور مہلک چوٹیں آنے سے وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گیا اہل علاقہ نے ٹھیکیدار کی عدم توجہی اور تحصیل انتظامیہ کے نوٹس نہ لینے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل بھر میں زیر تعمیر سڑکوں پر فوری طور پر ریفلیکٹرز، وارننگ بورڈز، حفاظتی بیریئرز اور لائٹس کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے تاکہ ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے۔

بقیہ نمبر 5

اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع اللہ جان نے مانسہرہ پریس کلب میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی ہدایت پر صوبائی وزراء بیرون اضلاع اضلاع کا دورہ کر کے عوامی مسائل نہ صرف سن رہے ہیں بلکہ موقع پر مسائل کے حل کیلئے احکامات بھی جاری کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 6

مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کرلیا۔ اشتہاری نے ساتھیوں کے ہمراہ ذاتی رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل جبکہ دوسرے کو زخمی کر دیا تھا، اشتہاری اگست 2023 سے پولیس کو مطلوب تھا، جاتلی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کرلیا، اشتہاری کے تین ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 7

جات میں تعمیراتی و تزئین و آرائش کے جاری کاموں کی پیش رفت کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو جدید، باوقار اور سہولت سے آراستہ پولیس ماحول فراہم کیا جاسکے۔انہوں نے پولیس افسران اور شہریوں کے لیے فراہم کی گئی سہولیات، فرنٹ ڈیسک، ویٹنگ ایریاز، ریکارڈ رومز، صفائی ستھرائی، انتظامی امور اور مجموعی ماحول کا بھی جائزہ لیا اور سروس ڈیلیوری کے معیار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ پولیس اسٹیشنز میں آنے والے ہر شہری کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور پیشہ ورانہ انداز میں پیش آیا جائے، ان کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر سنا جائے اور بروقت ریلیف کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ اسپیشل ایشیشیو پولیس اسٹیشنز کا مقصد شہریوں کو جدید، شفاف، باوقار اور عوام دوست پولیسنگ کا ماحول فراہم کرنا ہے، لہٰذا پولیس اسٹیشنز کی صفائی، خوبصورتی، نظم و ضبط اور مجموعی معیار کو ہر وقت برقرار رکھا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ ان پولیس اسٹیشنز کی دیکھ بھال اور معیار کو برقرار رکھنا تمام افسران اور اہلکاروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلام آباد پولیس جدید پولیسنگ، معیاری عوامی خدمات اور شہریوں کے اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پولیس اسٹیشنز کی بہتری، جدید سہولیات کی فراہمی اور عوام دوست ماحول کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 8

فورسز نے راس العین کے محلے پر چھاپہ مارا، تین عمارتوں پر دھاوا بول دیا اور کئی گھروں کی تلاشی لینے سے پہلے ایک خاتون سمیت آٹھ فلسطینیوں کو حراست میں لے لیا۔صوبہ توباس میں فوجی دستوں نے کئی گھنٹے بعد واپسی سے پہلے تمون شہر پر چھاپہ مارا جہاں کسی گرفتاری کی اطلاع نہیں ہے۔جنین میں اسرائیلی فورسز نے الیامون قصبے میں گھس کر جنین شہر سے ایک سابق قیدی اور صوبے کے شمال مشرق میں واقع دیر غزالیہ سے ایک اور فلسطینی کو گرفتار کرلیا۔دوسری جانب اسرائیلی فورسز نے ایک فلسطینی کسٹم پولیس افسر اور طولکرم کے جنوب میں واقع مضافاتی علاقے ارتح سے ایک نوجوان اور دو دیگر کو فارعون گاؤں سے گھروں پر چھاپے اور تلاشی کے بعد گرفتار کرلیا۔

بقیہ نمبر 9

زیرآب آنے سے سینکڑوں خاندان محصور ہو گئے۔ متاثرہ علاقوں سے لوگ محفوظ مقامات کی جانب نقل مکانی کر رہے ہیں، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں اب تک تین بچے جاں بحق ہو چکے ہیں، سیلاب زدہ علاقوں رچنا ٹاؤن، رانا ٹاؤن، پٹھان کالونی، کوٹ عبدالمالک، کالا شاہ کاکو کے نواحی علاقوں، مراد پور، جاکے چیمہ میں میں کئی کئی فٹ پانی جمع ہے۔

بقیہ نمبر 10

، البتہ سلطنت عمان ثالثی کا کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حوثی گروہ باب المندب میں وہی حکمت عملی اپنانا چاہتا ہے

بقیہ نمبر 11

کمبل پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 05 ملزمان کو گرفتار کرلیا

بقیہ نمبر 12

متعدد صارفین کو ویڈیو کھولنے پر یہ پیغام نظر آیا کہ یہ مواد آپ کے خطے میں قانونی درخواست کی وجہ سے دستیاب نہیں ہے

بقیہ نمبر 13

گیا، جس کی صدارت چیف ایگزیکٹو آفیسر اسٹیٹ لائف، شعیب جاوید حسین نے کی۔ کانفرنس میں ملک بھر سے ریجنل چیفس، زونل ہیڈز اور اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ کانفرنس کے دوران گزشتہ چھ ماہ کی مجموعی کاروباری کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ سال 2026 کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مؤثر حکمتِ عملی، کاروباری توسیع اور ادارہ جاتی استعداد کار میں مزید بہتری کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر 14

ریسکیو یونٹس اور ڈیزاسٹر ریسپانس اہلکاروں کو ہر قسم کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے جبکہ محکمہ موسمیات کے مطابق 29 جولائی سے 5 اگست 2026 کے دوران مانسہرہ ایبٹ آباد ہری پور کوہستان پالس تورغر بٹگرام و ہزارہ ڈویژن سمیت پشاور نوشہرہ چارسدہ مردان سوات کوہاٹ بنوں ڈیرہ اسماعیل خان اپر و لوئر چترال، اپر و لوئر دیر، باڑہ شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، لکی مروت، ٹانک، شمالی وزیرستان اور بالائی وزیریں جنوبی وزیرستان میں بارشوں کا امکان ہے

بقیہ نمبر 15

ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ہندتوا گروپ کے ارکان نے اعلان کیا کہ وہ دکان دوبارہ کھلنے نہیں دیں گے۔

بقیہ نمبر 16

انسانی فوجیوں کے آگے جا کر نگرانی، دشمن کی نشاندہی اور بعض حالات میں فائرنگ جیسے کاموں کے لیے پیش کیا گیا۔

بقیہ نمبر 17

یہ ایک یادگار دن ہے کہ مدارس، مختلف مسالک کی قیادت اور مذہبی رہنما چرچ میں اپنے مسیحی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہوئے۔ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف پوری قوم متحد ہے اور پاکستان کی مسلح افواج کے جوان ملک کے امن کے لیے عظیم قربانیاں دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

، انٹرپرائز اور موبائل کاروبار میں مسلسل توسیع کے ساتھ مضبوط ترقی کا سلسلہ برقرار رکھا، اس عرصے میں پاک ٹیلی کام موبائل لمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل) کے تحت یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے کامیاب انضمام نے بھی کاروباری کارکردگی کو مزید مستحکم کیا۔کمپنی کی مجموعی آمدنی میں سال بہ سال 62 فیصد اضافہ ہوا جس کی بنیادی وجہ فکسڈ براڈ بینڈ، انٹرپرائز اور ہول سیل شعبوں میں مسلسل ترقی اور پی ٹی ایم ایل کے تحت یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے انضمام کے بعد موبائل کاروبار کی مضبوط کارکردگی رہی۔پی ٹی سی ایل کے مجموعی آپریٹنگ منافع میں 226 فیصد اضافہ ہوا جبکہ خالص منافع 7.4 ارب روپے تک پہنچ گیا جو انضمام سے حاصل ہونے والے فوائد، آپریشنل استعداد اور آمدنی میں اضافے کی عکاسی کرتا ہے

بقیہ نمبر 19

تقسیم، صوبائی خودمختاری اور مقامی حکومتوں کو اختیارات کی منتقلی وقت کی اہم ضرورت ہے، ماضی کی غلط پالیسیوں کا غیر جانبدارانہ احتساب کیا جائے، دہشت گردی کے خلاف ریاست اور معاشرے کو متحد ہو کر کھڑا ہونا ہوگا تاکہ دہشت گردوں کو دوبارہ منظم ہونے کا موقع نہ ملے، نوجوانوں کو معیاری تعلیم، روزگار اور سیاسی فیصلہ سازی میں حصہ دیا جائے، خواتین کو حقیقی قیادت کے مواقع فراہم کیے جائیں اور مذہبی اقلیتوں کے آئینی و شہری حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے، فوجی جوانوں، سرکاری ملازمین، سیاسی کارکنوں اور عام شہریوں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پارٹی باچا خان کے عدم تشدد، جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے فلسفے کی امین ہے اور کارکن اسی نظریے کے تحت عوام کی خدمت اور حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، انہوں نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پارٹی کے چالیسویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا اہتمام عوامی نیشنل پارٹی فیڈرل کیپیٹل اسلام آباد نے کیا تھا، تقریب میں پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان کے علاوہ، مرکزی جنرل سیکرٹری بریگیڈیئر (ر) ڈاکٹر سلیم خان، صوبائی صدر عبدالرحیم خان، اسلام آباد فیڈرل کیپیٹل کے صدر صدام خان سمیت مرکزی و صوبائی رہنماؤں، عہدیداروں اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، سینیٹر ایمل ولی خان نے مزید کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی کی تنظیمی عمر اگرچہ 40 سال ہے، لیکن اس کی نظریاتی اور سیاسی جدوجہد تقریباً ایک صدی پر محیط خدائی خدمتگار تحریک کا تسلسل ہے، پارٹی کا 40واں یوم تاسیس دراصل تجدید عہد کا دن ہے، پارٹی نے ہمیشہ عدم تشدد، جمہوریت، آئین کی بالادستی، صوبائی خودمختاری، سماجی انصاف اور انسانی وقار کے اصولوں پر سیاست کی ہے، ایمل ولی خان نے دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی ایک بار پھر ملک کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے، آج پاکستان ایک فیصلہ کن موڑ پر کھڑا ہے، خیبر پختونخوا کی سرزمین کو کسی نئی جنگ کا میدان نہیں بننے دیں گے۔ دہشت گردی میں اچھے اور برے کی تقسیم ختم ہونی چاہیے، دہشت گردی کے خلاف ریاست اور معاشرے کو متحد ہو کر کھڑا ہونا ہوگا، امن صرف آپریشن کا نام نہیں، امن تعلیم، روزگار، بااختیار پولیس اور انصاف کا مکمل بندوبست ہے، دہشت گردی کے خلاف ریاست اور معاشرے کو متحد ہو کر کھڑا ہونا ہوگا، ان مسائل کا حل کسی ایک شخص یا ادارے کے پاس نہیں۔ حل آئین، پارلیمان اور شفاف جمہوری عمل میں ہے، انہوں نے افغانستان کے ساتھ باہمی احترام اور عدم مداخلت پر مبنی تعلقات، بلوچستان میں سیاسی مکالمے، انصاف اور عوامی اعتماد کی بحالی، کشمیر میں کشمیری عوام کے حق خودارادیت، انسانی حقوق کے تحفظ اور گلگت بلتستان کو مکمل آئینی و سیاسی حقوق دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے وسائل کے معاملے پر ہمارا موقف واضح ہے کہ گیس، معدنیات اور بڑے منصوبوں کا پہلا فائدہ مقامی لوگوں کو پانی، سکول، ہسپتال اور روزگار کی صورت میں ملنا چاہیے، دہشت گردی کا مقابلہ ریاست کی ذمہ داری ہے لیکن بلوچستان کے عوام کا اعتماد بحال کرنا اس سے بڑی قومی ذمہ داری ہے، کشمیر محض زمین کا تنازعہ نہیں بلکہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور انسانی وقار کا سوال ہے، مقبوضہ کشمیر میں جبر اور پابندیاں مسئلے کا حل نہیں۔مسئلے کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی قراردادوں، پرامن مذاکرات اور سب سے بڑھ کر کشمیری عوام کی آزاد مرضی سے ہی ممکن ہے۔گلگت بلتستان کے عوام آئینی شناخت، قومی اسمبلی و سینیٹ میں نمائندگی اور مالی حقوق کا مطالبہ کر رہے ہیں، کشمیر کے بین الاقوامی تنازع کو متاثر کیے بغیر بھی گلگت بلتستان کو مکمل آئینی اور سیاسی حقوق دیئے جاسکتے ہیں۔ وہاں کے شہری بین الاقوامی حل کے انتظار میں بنیادی حقوق سے محروم نہیں رہ سکتے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ احتساب سب کا ہونا چاہیے اور قانون کسی کے لیے ڈھال اور کسی کے لیے عذاب نہیں بننا چاہیے، ماضی کی غلط پالیسیوں کا غیر جانبدارانہ احتساب کیا جائے تاکہ دہشت گردوں کو دوبارہ منظم ہونے کا موقع نہ ملے۔اپنے خطاب میں انہوں نے معیشت، نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں اور صحافت کے حوالے سے بھی پارٹی کا موقف پیش کیا۔ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو معیاری تعلیم، روزگار اور سیاسی فیصلہ سازی میں حصہ دیا جائے، خواتین کو حقیقی قیادت کے مواقع فراہم کیے جائیں

بقیہ نمبر 20

ہم نے حال ہی میں آلو کی چارنئی اقسام تیار کی ہیں جن میں خشک مادے کا تناسب 22 فیصد سے زیادہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ ان نئی اقسام کے نام FD 35،30-FD 74،2-L 5 اور 36-FD 74 50-FD ہیں۔ ڈاکٹر رانا آفتاب اقبال نے کہا کہ 2009 میں قائم ہونے والے آلو تحقیقاتی ادارے نے اب تک کھانے کے لئے استعمال ہونے والی آلو کی 12 اقسام تیار کی ہیں جن میں پنجاب، صدف اور رولی ایسی اقسام ہیں جن میں خشک مادے کا تناسب 20 سے 22 فیصد کے درمیان ہے۔

بقیہ نمبر 21

ڈیزائن کردہ عالمی معیار کے پینٹ ہاؤسز اور اپارٹمنٹس شامل ہیں۔ میڈی کیم آئیکون ون (Medicam Icon One) آرام، انداز اور جدید طرز زندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کئے گئے لگژری اپارٹمنٹس اور پینٹ ہاؤسز پیش کرتا ہے۔ جو بین الاقوامی معیار کے حامل منصوبے مکمل کرنے کیلئے ممتاز ماہرین تعمیرات کے ساتھ اشتراک کرتے ہیں اور اعلیٰ ترین معیار کے تعمیراتی مواد کا استعمال کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 22

رحیم۔ راجہ عبدالرافع۔ عبداللہ کیانی۔ راجہ ادیب۔ راجہ اظہر۔ راجہ اعجاز۔ محمد وائم۔ چوہدری ظفر۔ اور ابرار احمد یاد سمیت کئی سیاسی و سماجی رہنما شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بہت جلد عوام کی سطح پہ اور مزید انقلابی اقدامات کا اعلان کرنے والا ہوں جس سے عام آدمی کی حالت بدلے گی۔ مہنگائی اور لاقانونیت کے اس دور میں حقیقی معنوں میں اگر عوام کو تحفظ دینا ہے تو ان لوگوں کو نمائندے چنے جائیں تاکہ وہ مسائل سمجھتے ہوئے ان کی خدمت میں پیش پیش رہیں۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی جو قیمت عام کسان سے مقرر کی گئی ہے وہ انتہائی کم ہے اس میں اضافہ کیا جائے تاکہ کسان خوشحال ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی قلت کی جو شکایات سامنے آرہی ہیں حکومت فوری طور پر اس کی تحقیقات کا اعلان کرے تاکہ آٹے کی قلت نہ پیش آئے ان وفود نے پاکستان عوامی قومت پارٹی کے منشور اور بیانیے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم فخر کر سکتے ہیں کہ عوام کی خدمت کرنے والی پارٹی کا انتخاب ہم نے کیا ہے اور ہم اس پارٹی کے پلیٹ فارم سے عام آدمی کے مسائل حل کرنے میں اپنا اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 23

پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز ایکٹ میں ضروری ترامیم کے لیے قانون سازی کی جائے گی اجلاس میں یہ بھی طے کیا گیا کہ نجی تعلیمی اداروں کے اکیڈمک کیلنڈر میں سالانہ تدریسی ایام زیادہ سے زیادہ 227 اور کم سے کم 190 مقرر کیے جائیں گے اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری سکولز محمد اقبال مرکزی صدر اپسما کاشف ادیب جاودانی مرکزی سیکرٹری جنرل امجد علی خان صدر اپسما شالی پنجاب ابرار احمد خان قاضی نعیم انجم چیئرمین پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن علی رضا ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور گرامر سکول مسز نگہت علی سی ای او KIMS کامران احمد، سینئر لاء آفیسر پنجاب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ محمد آصف اقبال سمیت دیگر نمائندگان نے شرکت کی کاشف ادیب جاودانی اور امجد علی خان نے سیکرٹری سکول ایجوکیشن کو پنجاب کے مختلف اضلاع میں نجی سکولوں کو کمرشل نقشوں کی عدم فراہمی کے باعث سیل کیے جانے رجسٹریشن کے مسائل بعض اداروں کے خلاف کارروائیوں اور اکیڈمک کیلنڈر سے متعلق تحفظات سے آگاہ کیا صدر اپسما شالی پنجاب ابرار احمد خان نے کہا کہ پنجاب پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز ایکٹ میں نجی تعلیمی اداروں کے فروغ کے لیے مؤثر شقیں شامل نہیں جبکہ جرمانوں کی دفعات زیادہ ہیں جن پر نظرثانی کی ضرورت ہے سیکرٹری سکول ایجوکیشن پنجاب مدثر ریاض ملک نے یقین دہانی کرائی کہ نجی تعلیمی اداروں کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے پالیسی بلز کو ڈومیسٹک کیٹیگری میں منتقل کرنے رجسٹریشن کی مدت چار سال کرنے اکیڈمک کیلنڈر اور دیگر متعلقہ امور پر جلد قانون سازی کی جائے گی۔ان کے اعلان پر اجلاس کے شرکا نے بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا

بقیہ نمبر 24

اجلاس منعقد ہوا، جس میں چہلم حضرت امام حسینؓ کے سلسلے میں منعقد ہونے والی مجالس، جلوسوں کے روٹس، سکیورٹی اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران انجمن اثناء عشریہ کے ذمہ دار محسن صغیر بھٹی نے چہلم کے انتظامات کے حوالے سے درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، فلڈ لائٹس، بجلی کی لوڈشیڈنگ، ٹریفک مینجمنٹ اور دیگر سہولیات کی فراہمی سے متعلق تجاویز پیش کیں

بقیہ نمبر 25

درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی اس کے علاوہ مزید قبرستانوں کے لیے اراضی کی خریداری کی غرض سے صوبائی حکومت کی طرف سے 18 کروڑ روپے کی خصوصی گرانٹ بھی ضلعی انتظامیہ کو منتقل کر دی گئی ہے مانسہرہ کے شہری عوامی سماجی حلقوں نے سپیکر کے پی کے اسمبلی بابر سلیم سواتی صوبائی نائب صدر پی ٹی آئی کمال سلیم سواتی کی قبرستان کی فراہمی کیلئے کیلئے کی جانے والی کاوشوں کا کاوشوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے قبرستان کیلئے اراضی حاصل کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا ہے،

بقیہ نمبر 26

سیلابوں کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث فلیش فلڈ، لینڈ سلائیڈنگ اور اربن فلڈنگ کے خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے مون سون سے قبل ہی حفاظتی اقدامات شروع کردیے تھے، جبکہ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ایمرجنسی رسپانس کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو وزیراعظم کی ہدایت پر روزانہ کی بنیاد پر اجلاس کر رہی ہے۔احسن اقبال کا کہنا تھا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے پانچ ممالک میں شامل ہے

بقیہ نمبر 27

263 موٹر سائیکلوں اور 71 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ جانچ پڑتال کے لیے 6 مشکوک افراد 14 موٹر سائیکلیں اور 2 گاڑیاں مختلف تھانوں میں منتقل کر دی گئیں۔اسلام آباد پولیس کے ترجمان کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر جرائم کے خاتمے اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے زونل ایس پیز کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ نمبر 28

کردی ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں کاظم غریب آبادی نے بتایا کہ ایران نے یہ اقدام امریکا کے بے جا مطالبات کے سبب کیا ہے۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ نے انکشاف کیا ہے کہ بات چیت اسلام آباد میں شروع ہوئی تھی، امریکا نے ایسا منصوبہ پیش کیا جس میں بے جا مطالبات تھے جس پر ایرانی وفد نے منصوبہ واضح طور پر مسترد کردیا۔

بقیہ نمبر 29

تعلیم و تدریس کا ادارہ ہی نہیں بلکہ احیاء اسلام کی ایک تربیتی روحانی فکری تحریک ہے ۔ صاحبزادہ علی عباس حقانی۔ مرکز اہل سنت ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد کے خوش نصیب طلباء ناظرہ حفظ القرآن تجوید وقراۃ بنیادی دینی مسائل ترجمہ وتفسیر کی تکمیل پر عظیم الشان فقید المثال مہر ورضا کانفرنس کا اہتمام کیا گیا زیر سرپرستی استاذ العلماء علامہ ابوالعباس محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد زیر نگرانی ابوالاسعد صاحبزادہ علی عباس حقانی نقابت قاری محمد عمران حقانی۔ مولانا قاری محمد عثمان چشتی۔ تلاوت قرآن پاک قاری محمد شہزاد چشتی۔ قاری محمد اخلاق نقشبندی۔ نعت شریف ملک عمیر اعوان۔ خطابات علامہ محمد ہاشم حقانی مولانا نور زمان رضوی راولپنڈی مفتی ناصر ساقی رضوی راولپنڈی۔ صاحبزادہ علی عباس حقانی۔ مولانا قاری محمد اکرم اعوان۔ مولانا شاکر تفسیر حقانی مہمانان گرامی سائیں پیر زبیر الرحمن سجادہ نشین سائیں بھاگ سرکار سوہان اسلام آباد۔ سائیں حاجی ارشد محمود گدی نشین دربار سائیں سخی بوٹا بادشاہ شکریال اسلام آباد۔ مولانا قاری لال شاہ چشتی۔ مولانا قاری صفی الدین اعوان۔ مولانا قاری محمد نعیم چشتی۔ مولانا قاری ذوالکفل اعوان۔ مولانا طفیل چشتی۔ طلباء کرام کو ناظرہ تجوید وقراۃ بنیادی دینی مسائل ترجمہ وتفسیر کی تکمیل پر اسناد اور دستار فضیلت تحائف پیش کیے گئے۔ علماء کرام نے اپنے اپنے خطابات میں اس بات پر زور دیا کہ عصر حاضر فتنوں کا دور ہے اس دور میں اولیاء علماء سے دور کرنے کی گہری سازش ہے۔ نوجوانوں کو گمراہی سے بچنے کے لیے اعلی حضرت فاضل بریلوی اعلی گولڑوی۔ مجدد الف ثانی۔ شاہ عبدالحق محدث دہلوی کی فکرات و تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ ادارہ کنزالایمان اکابرین کے عقائد و نظریات کا پرچار کرنے کے لیے کوشاں ہے علماء نے ادارہ کنزالایمان کی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ استاذی المکرم نے اختتامی دعا فرمائی اور صاحبزادہ علی عباس حقانی نے تمام رفقاء کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 30

خوش نصیب طالبات جنہوں نے اللہ تعالٰی کی عظیم کلام قرآن مجید کی دولت سے اپنے قلوب وبصر کو فیضیاب کیا۔ استاذنا الکریم خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد نے طالبات میں اسناد اور انکے والدین ادارہ کی معلمات کو ہدیہ تہنیت وتبریک پیش کیا اور طالبات کے شعبہ کو ناظرہ حفظ القرآن تجوید و قراۃ بنیادی دینی مسائل ترجمہ و تفسیر اور درس نظامی تک مزید وسعت دینے کے لیے مفید مشوروں سے نوازا اور کہا کہ طالبات کے لیے سیرت فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا کافی ہے، ہم امید کرتے ہیں ادارہ کنزالایمان کے طلباء کے شعبہ میں جس جہد مسلسل کے ساتھ کامیابی حاصل کی اسطرح شعبہ طالبات میں بھی مستقبل قریب میں کامیابیاں اور کامرانیاں نصیب ہوں گی

بقیہ نمبر 31

صدر اشتیاق خان تنولی نے کی اجلاس میں یونین کے تمام عہدیداران کے علاوہ بعض سینئر صحافیوں نے بھی شرکت کی اور تنظیمی امور کے علاوہ صحافیوں کی فلاح و بہبود سمیت مستقبل کے منصوبوں اور یونین کی کارکردگی پر تفصیلی تبادلہ خیال و ضروری مشاورت کی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر اشتیاق خان تنولی نے کہا کہ مانسہرہ یونین آف جرنلسٹس (رجسٹرڈ) کا ہر ممبر انتہائی قابل احترام ہے اور سب اراکین یونین کے سر کا تاج ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ انتخابات سے قبل صحافی برادری سے جو وعدے کیے گئے ہیں ان پر تیزی سے عملدرآمد جاری ہے اور بہت جلد تمام وعدے عملی شکل اختیار کرلیں گے انہوں نے کہا کہ مانسہرہ یونین آف جرنلسٹس (رجسٹرڈ) پورے ضلع کی نمائندہ تنظیم ہے جس میں اس وقت 122 صحافی بطور ممبر شامل ہیں تنظیم صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، ان کی فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اشتیاق خان تنولی نے اعلان کیا کہ جلد ہی یونین کے ممبران کے لیے موٹر سائیکلوں کی قرعہ اندازی کا انعقاد کیا جائے گا جس کے ذریعے خوش نصیب صحافیوں کو موٹر سائیکلیں فراہم کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ یہ اقدام صحافیوں کی حوصلہ افزائی اور فلاح کے لیے کیا جا رہا ہے صدر یونین نے مزید کہا کہ مانسہرہ یونین آف جرنلسٹس (رجسٹرڈ) کے دفتر کے دروازے ہر مظلوم و حق دار اور ضرورت مند صحافی کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں اور یونین ہر جائز مسئلے کے حل اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھرپور جدوجہد جاری رکھے گی انہوں نے بتایا کہ گورنر خیبر پختونخوا کے تعاون سے جلد ہی صحافیوں کی فلاح کے لیے ایک بڑے فنڈ کا اعلان بھی متوقع ہے جس سے ضلع بھر کے صحافیوں کو مختلف فلاحی سہولیات فراہم کی جائیں گی اس موقع پر جنرل سیکرٹری تنویر سواتی بابر تنولی سرفراز خان یوسفزئی یاسر شہزاد تنولی شیخ نذیر حسین چیئرمین سید زاہد حسین شاہ و دیگر نے بھی خطاب کیا

بقیہ نمبر 32

ڈیرے کے قریب سے ملی تھی جس پر پولیس کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا، پولیس نے تفتیش کا دائرہ کار بڑھایا تو مویشیوں کے ڈیرے کا مالک اور ساتھی قاتل نکلے، ملزمان نے لین دین کے تنازعہ پر مقتول فرحان کو فائرنگ کر کے قتل کیا، تفتیش میں شواہد سامنے آنے پر جاتلی پولیس نے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 33

کے پہلے مرحلے میں شاہدرہ سے رائیونڈ تک 20 ایکڑ رقبے کو خوبصورت سبزہ زاروں، باغات اور سیر گاہوں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ریلوے ٹریک کے ساتھ ملحقہ زمین پر 21 پارکس بنا دیئے گئے ہیں جو شہریوں کو تفریح فراہم کر رہے ہیں اور ماحول کی بہتری میں بھی حصہ ڈال رہے ہیں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا یہ اقدام ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر ریلوے ٹریکس کے ساتھ پارکس بنانا ہے

بقیہ نمبر 34

سے بند ہے شرکاء کو آگے کیوں نہیں دیا جارہا 40 پہلے مار دیئے 60 افراد قتل آزاد کشمیر اور پاکستان کے حکمران اور سیاستدان اس قتل عام پر خاموش ایک طرف خون کی ہولی کھیلی جارہی تو دوسری طرف میرپور ڈویژن میں انتخابی شور وغل جیتنے والے امیدوار بھنگڑے ڈال رہے تھے اس سے شرمناک حرکت اور کیا ہو سکتی ہے

بقیہ نمبر 35

Professional and owner ship اور personal development کے موضوع پر پرنسپلز ٹریننگ دیتے ہوئے کہا کہ بڑے کام کے لئے اپنا کاروبار شروع کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کاروبار کے لئے قوت فیصلہ اول شرط ہے۔ تاہم پہلے جوعہدہ اور ذمہ داری انسان کو ملے۔اسے محنت اور ایمانداری سے بطریق احسن سرانجام دے۔سب سے طاقتور فیصلے کی طاقت ہوتی ہے۔ دوسری بڑی طاقت وقت ہے۔ دونوں ملکر بروقت فیصلے کی راہ ہموار کرتے ہیں۔ تعلیم کے میدان میں پہلے تین سال محنت کے ہوتے ہیں۔ محنت اور صبر کے بعد ترقی کا سفر شروع ہوجاتا ہے

بقیہ نمبر 36

میٹی کو پرامن انتخابات ہضم نہیں ہوئے۔انہوں نے بتایا کہ پرتشدد جتھے کے ارکان سے ممنوعہ اسلحہ برآمد ہوا ہے، پرتشدد جتھے نے کامیاب انتخابات کو متنازع بنانے کی ناکام کوشش کی لیکن آزاد کشمیر انتخابات میں تمام جماعتوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، میرپور ڈویژن میں 6 لاکھ ووٹ کاسٹ ہوئے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ شرپسند عناصر کا مکروہ چہرہ دنیا نے دیکھ لیا ہے، حکومت پاکستان آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ ہے۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے وزیر اطلاعات کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ایکشن کمیٹی کی تحریک حقوق دلانے کی نہیں بلکہ حقوق چھیننے کی تحریک ہے، اس پرتشدد تحریک میں ملکی اور غیرملکی عناصر شامل ہیں، احتجاج کی آڑ میں دہشت گردی کی جارہی ہے، عوامی احتجاج میں اسلحہ استعمال نہیں ہوتا۔طلال چوہدری نے کہا کہ یہ کشمیریوں سے ان کے ووٹ کا حق چھینا چاہتے ہیں، کشمیریوں نے ووٹ کی طاقت سے اپنا موقف واضح کردیا، 38 میں سے 37 مطالبات تسلیم کیے گئے، احتجاج بلاجواز ہے، پرتشدد احتجاج کے ذریعے الیکشن رکوانے کی کوشش کی گئی، پرتشدد جتھوں نے اپنے عزائم ناکام ہوتے دیکھے تو فساد پر اتر آئے

بقیہ نمبر 37

ایریا ریوائیول بورڈ کی تشکیل کی منظوری دی اور سابق وزیراعظم محمد نواز شریف کو بطور ایم این اے بورڈ کا سربراہ مقرر کر دیا۔سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب نے اس سلسلے میں گزٹ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا۔

بقیہ نمبر 38

خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود سے الگ الگ ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ ان رابطوں کے دوران تینوں ممالک کے سفارت کاروں نے باہمی تعلقات اور خطے کی تازہ ترین صورتحال کا تفصیل سے جائزہ لیا۔ایرانی میڈیا کے مطابق اس گفتگو کے دوران وزرائے خارجہ نے خطے میں استحکام لانے کے لیے تعاون کو مضبوط بنانے اور مشترکہ سفارتی کوششوں کو آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔اس موقع پر ایرانی وزیر خارجہ اور ان کے ہم منصبوں نے امریکا کی جارحانہ کارروائیوں کے نتیجے میں آبنائے ہرمز پر عائد ہونے والے عدم تحفظ کا خاتمہ کرنے پر اتفاق کیا۔ایرانی خبر رساں ایجنسی نے رپورٹ کیا کہ وزرائے خارجہ نے خطے میں استحکام قائم کرنے اور امریکی جارحانہ اقدامات کی وجہ سے آبنائے ہرمز پر مسلط کی جانے والی غیر یقینی اور عدم تحفظ سے نمٹنے کے لیے مشترکہ سفارتی کوششوں کو آگے بڑھانے اور باہمی تعاون کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔دوسری جانب سعودی پریس ایجنسی کے مطابق سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان کو قطری وزیراعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم آل ثانی اور کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح کی جانب سے بھی الگ الگ فون کالز موصول ہوئیں۔اس دوران وزرائے خارجہ نے علاقائی سکیورٹی اور استحکام کو برقرار رکھنے کیلئے مشترکہ کوششوں کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔سعودی پریس ایجنسی کے مطابق قطری اور کویتی وزرائے خارجہ نے ایران اور یمن و عراق میں اس سے وابستہ دہشت گرد ملیشیاؤں کی جانب سے مملکت سعودی عرب اور خطے کے دیگر ممالک پر کیے جانے والے حملوں کی شدید مذمت کی۔اس کے علاوہ برطانیہ کے وزیر خارجہ ایڈ ملی بینڈ نے بھی سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا۔ برطانوی وزیر خارجہ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد سعودی وزیر خارجہ سے اس پہلی گفتگو میں انہوں نے یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر کیے جانے والے حملوں کی مذمت کی۔برطانوی بیان کے مطابق ایڈ ملی بینڈ نے سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے اور مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 39

پاکستان نیول اکیڈمی اور ریاض (سعودی عرب) میں سینئر پاکستان نیوی آفسر کی تقرریاں شامل ہیں۔ ریئر ایڈمرل تصور اقبال اس وقت کمانڈر ویسٹ کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ان کی اعلی خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے۔ ریئر ایڈمرل محمد عمیر نے 1996ء میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے چین سے کمیونیکیشن کمانڈ کورس اور امریکہ سے نیول اسٹاف کالج کورس بھی کیا ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، جن میں کمانڈنگ آفسر پی این ایس قوت، پی این ایس طارق، پی این ایس تبوک اور کمانڈر 14 ڈسٹرائر اسکواڈرن کی تقرریاں شامل ہیں۔ آپ نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ڈپٹی ڈائریکٹر نیول آپریشنل پلانز (اسٹریٹجی) کے طور پر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ ریئر ایڈمرل محمد عمیر اس وقت کمانڈنٹ پاکستان نیول اکیڈمی کراچی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے۔ ریئر ایڈمرل شاہد واصف نے 1996ء میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے برطانیہ سے ایڈوانس کمانڈ اینڈ اسٹاف کورس، کنگز کالج لندن سے ڈیفنس اسٹڈیز میں ماسٹرز، آسٹریلیا سے ڈیفنس اینڈ اسٹریٹجک اسٹڈیز کورس اور ڈیکن یونیورسٹی آسٹریلیا سے بین الاقوامی تعلقات میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں جن میں کمانڈنگ آفسر پی این ایس سیف، ڈپٹی ڈائریکٹر نیول آپریشنل پلانز (سٹریٹجی)، اسسٹنٹ نیول سیکرٹری (آپریشنز)، ڈائریکٹر ہیومن ریسورسز اور نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف دی نیول سٹاف کے پرنسپل سیکرٹری کی تقرریاں شامل ہیں۔ ریئر ایڈمرل شاہد واصف اس وقت کمانڈر 25 ڈسٹرائر اسکواڈرن کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا ہے۔ ریئر ایڈمرل راؤ احمد عمران انور نے 1996ء میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے برطانیہ سے ایڈوانس کمانڈ اینڈ اسٹاف کورس اور کنگز کالج لندن سے ڈیفنس اسٹڈیز میں ماسٹرز کی ڈگری بھی حاصل کر رکھی ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف کمانڈ اور اسٹاف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں جن میں کمانڈنگ آفسر پی این ایس ضرار، پی این ایس شمشیر، پی این ایس ذوالفقار اور کمانڈر 10 پیٹرول کرافٹ سکواڈرن کی تقرریاں شامل ہیں

بقیہ نمبر 40

سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عام آدمی کو چھت فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملک کے غریب و متوسط طبقے کو اپنی چھت کے حصول کے لیے "وزیراعظم اپنا گھر اسکیم" کا اجراء کیا ہے، اپنا گھر اسکیم کے حوالے سے کام کی رفتار کو تیز کیا جائے، سرکاری اور نجی بینک اپنا گھر اسکیم کو کامیاب کرنے کے حوالے سے زیادہ سے زیادہ فنانسنگ کریں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اپنا گھر اسکیم کے لیے عمودی اور افقی ماڈل ہاؤسنگ منصوبوں کے لیے حکمت عملی ترتیب دی جائے۔ اجلاس کو پرائم منسٹر اپنا گھر اسکیم کی فنانسنگ میں پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ اپنا گھر اسکیم کی فنانسنگ کے لیے بینک اب تک 204 ارب روپے منظور کر چکے ہیں جبکہ 27 ارب روپے کی فنانسنگ کی جا چکی ہے

بقیہ نمبر 41

داخلہ نے سکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا، خطے کی موجودہ صورتحال اور امن و استحکام پر بھی گفتگو کی، وزارت داخلہ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ملاقات میں داخلی سکیورٹی سے متعلق باہمی تعاون اور شراکت داری کو مضبوط بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ قطر کے ساتھ سکیورٹی و مشترکہ مفادات کے شعبوں میں اشتراک کو مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔انہوں نے قطری ہم منصب کے ان کے والد سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلفیہ الثانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطر کی تعمیر و ترقی میں سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلفیہ الثانی کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔قطری وزیر داخلہ شیخ خلفیہ بن حمد بن خلفیہ الثانی کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں اور دوطرفہ اشتراک مضبوط بنانے کے مل کر کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 42

آرٹیکل شائع کروانے کی پیش کش کی۔ان آرٹیکلز کی اشاعت کے عوض بھاری رقوم اور ریاستی تادیبی کارروائی کی کسی بھی خطرے کے پیش نظر بیرون ملک منتقلی کی ضمانت بھی دی گئی۔ فخر درانی کی فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق ایک خاتون نے دبئی کی ایک پبلک ریلیشنز ایجنسی کی نمائندہ ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے ان سے پاکستان کے حساس موضوعات بشمول عسکری قیادت، SIFC اور پاک چین تعلقات جیسے موضوعات پر تیار شدہ مضامین چھپوانے کو کہا اور اسکے لئے فی مضمون 70,000 روپے کی پیشکش کی۔اس سلسلے میں ڈیجیٹل والٹ اور کرپٹو ادائیگیوں کے ذریعے کل 103,000 روپے صحافی کے اکاؤنٹ میں منتقل کیے گئے۔ بظاہر UK کے نمبر کے ذریعے موصول ہونے والی یہ رقم دراصل سندھ کے ایک دور دراز علاقے سے منتقل کی گئی۔ نیٹ ورک نے عسکری قیادت اور معاشی صورتحال پر تنقید پر مبنی تین تیار شدہ مضامین فراہم کیے، اور مخصوص رہنماؤں کے نام شامل کرنے کے لیے ترمیم کا مطالبہ کیا۔صحافی سے یہ مطالبہ بھی کیا گیا کہ وہ پاک افغان سرحد اور سرکاری اداروں کے حوالے سے وہ معلومات شیئر کریں جو ابھی تک پبلک نہیں ہوئیں۔اس مشکوک سرگرمی کو بھانپتے ہوئے صحافی فخر درانی مسلسل اپنے ادارے کے ایڈیٹوریل بورڈ کو باخبر رکھا اور متعلقہ حکومتی اداروں کو بھی آگاہ کیا گیا۔ رابطہ کاروں کے کسی غیر ملکی انٹیلی جنس ایجنسی سے ممکنہ تعلق کے خدشے کے پیش نظر فخر درانی نے معاملے کی تہہ تک پہنچنے کیلئے یہ روابط جاری رکھے۔ صحافی نے رابطہ کاروں کو درپیش خطرات سے آگاہ کیا جس کے نتیجے میں فی مضمون معاوضہ 170,000 روپے کرنے کی پیشکش کے ساتھ ساتھ ایک ہفتے کے اندر صحافی کے اہلخانہ کے لیے یورپی ویزوں کی ضمانت دی گئی۔ ملک دشمن ایجنسی کے رابطہ کار نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ اس نے پکاسس اسپائی ویئر اسکینڈل میں "ایک چھوٹا سا کردار" ادا کیا تھا۔ تاہم، صحافی کی طرف سے کی جانے والی تحقیقات کے باوجود ایسے دعوے کی تو ثیق نہیں ہو سکی۔ پاکستان مخالف انٹیلیجنس ایجنسی کے تربیت یافتہ رابطہ کاروں نے مخصوص انفارمیشن وارفیئر ہتھکنڈوں کا استعمال کرتے ہوئے ایک جعلی PR فرم، مختلف سماجی ویب سائٹس (فیس بک، واٹس ایپ)، بین الاقوامی فون نمبرز (یو کے)، اور مالیاتی ذرائع کو چھپانے کے لیے کرپٹو/ ڈیجیٹل والٹ کی منتقلیوں کا سہارا لیا۔ رابطہ کاروں نے صحافی فخر درانی سے یہ مطالبہ بھی کیا کہ وہ ڈی ڈبلیو (DW)، فرانس 24، دی سن وغیرہ جیسے غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے لیے پاکستان میں جگہ بنانے میں اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں تاکہ ریاست پاکستان اور اس کے اداروں کو بدنام کرنے والے پاکستان مخالف بیانیے کو فروغ دیا جا سکے۔ فخر درانی کی طرف سے ایپسٹین ایکس (ٹویٹر) ہینڈل پر شیئر کی گئی تصدیق شدہ آڈیو کلپس پاکستان مخالف ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستانی میڈیا کے نمائندوں کو استعمال کرنے کی را (R&AW) کے مذموم مقاصد کو ظاہر کرتی ہیں۔ بھارتی انٹیلی جنس ایجنسی را کی اس گھناؤنی سازش کو بے نقاب کرنے کے اس پورے واقعے نے ایک بار پھر پاکستان کو کمزور کرنے کے بھارتی عزائم کے بارے میں پاکستان کے دیرینہ موقف کو درست ثابت کیا ہے۔ پاکستان کو بدنام کرنے کی ایسی مذموم بھارتی کوششیں پرانے ہتھکنڈے ہیں۔ 2020ء میں ڈس انفولیب (Disinfo Lab) سے متعلق انکشافات دنیا اور پاکستانی عوام کو گمراہ کر کے پاکستان مخالف پروپیگنڈے کو فروغ دینے کی بھارتی کوششوں کی ایک ایسی ہی سازش تھے۔ پاکستان مخالف عناصر کو یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی ہر ایسی مذموم کوشش کا انجام اس وقت تک ایسا ہی ہوگا جب تک فخر درانی جیسے محب وطن صحافی قومی مفادات کے تحفظ اور اپنی صحافتی اقدار کی پاسداری کے ساتھ موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 43

کا کہنا تھا کہ یہ تبدیلی وفاقی بیوروکریسی میں اعلیٰ سطح کے تبادلوں کا حصہ ہے، جبکہ احمد رضا سرور کو انتظامی امور کا وسیع تجربہ حاصل ہے، ان کی تعیناتی سے وزارت داخلہ کے انتظامی معاملات میں مزید بہتری کی توقع کی جارہی ہے۔ واضح رہے کہ خرم آغا بطور وفاقی سیکرٹری داخلہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے، تاہم حکومت نے انتظامی ضروریات کے پیش نظر انہیں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔خیال رہے کہ نئے تقرر کے بعد وزارت داخلہ میں اہم انتظامی ذمہ داریاں احمد رضا سرور سنبھالیں گے۔

بقیہ نمبر 44

کی قیمت میں مزید 1.29 فیصد کمی ہوئی، جس کے بعد قیمت 22.87 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ ڈبلیو ٹی آئی کروڈ آئل بھی 1.22 فیصد سستا ہوگیا، جس کے بعد اس کی قیمت 60.81 ڈالر فی بیرل پر آگئی۔

بقیہ نمبر 45

کی بلند ترین سطح ایک لاکھ 79 ہزار 123 جبکہ کم ترین سطح ایک لاکھ 77 ہزار 434 پوائنٹس ریکارڈ کی گئی۔ سٹاک مارکیٹ میں مجموعی طور پر 41 ارب روپے مالیت کے 95 کروڑ شیئرز کا کاروبار ہوا

بقیہ نمبر 46

کہا اب تک ایک ہزار شہریوں کی اسکریننگ کی جا چکی ہے، جن میں سے 1700 افراد میں ہیپاٹائٹس کی تشخیص ہوئی۔ وفاقی وزیر صحت کے مطابق بروقت علاج نہ ہونے کی صورت میں ہیپاٹائٹس کینسر کی شکل اختیار کرسکتا ہے۔ اسکریننگ پہلے مرحلے میں اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں شروع کی گئی ہے، جسے بعدازاں تمام صوبوں تک توسیع دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 47

گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق نورین نیازی نے ایک پوڈکاسٹ انٹرویو میں پاکستان کی ریاست اور اس کے اداروں، بشمول مسلح افواج، کے خلاف مبینہ طور پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات عائد کیے اور ریاست پر عوام کا اعتماد متزلزل کرنے اور سراسیمگی پھیلانے کی کوشش کی۔

بقیہ نمبر 48

وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ ہونے والی دو ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات، تجارت اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ دونوں ممالک تعلقات کو مزید مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان پارلیمانی روابط کی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے اور امریکی کانگریس دونوں ممالک کے تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان اور امریکا علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کررہے ہیں، صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے گزشتہ سال پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی میں سہولت کاری کا کردار ادا کیا، جبکہ اسلام آباد اور واشنگٹن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط رواں سال جون میں ممکن ہوئے۔وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکا پاکستان کی سب سے بڑی سنگل کنٹری برآمدی منڈی ہے، گزشتہ مالی سال دونوں ممالک کے درمیان تجارت کا حجم 9.4 ارب ڈالر رہا، جسے آئندہ پانچ برسوں میں 20 ارب ڈالر تک بڑھانے کی صلاحیت موجود ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ پاکستان امریکی کپاس اور سویابین کے بڑے درآمد کنندگان میں شامل ہے، جبکہ ملک امریکی ہائیڈروکاربنز کے لیے بھی ایک اہم منڈی کے طور پر ابھر رہا ہے۔ اسحاق ڈار کے مطابق اس وقت پاکستان میں 80 سے زائد امریکی کمپنیاں مختلف شعبوں میں کام کر رہی ہیں، جبکہ متعدد امریکی کمپنیاں ٹیکنالوجی، معدنیات، توانائی اور وفاع کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لے رہی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان مکالمے، سفارتکاری اور تنازعات کے پرامن حل کی پالیسی پر عمل جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 49

کی درخواست پر سماعت کی، عدالت نے پولیس سے مقدمے کا ریکارڈ طلب کرتے ہوئے سماعت 30 جولائی تک ملتوی کر دی۔ تھانہ ڈیفنس سی پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ نمبر 50

سوگوار خاندان، جماعت اسلامی کی قیادت اور کارکنان کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی گئی۔ دونوں ملاقاتوں میں جماعت اسلامی کے ڈائریکٹر امور خارجہ آصف لقمان قاضی بھی موجود تھے۔اس موقع پر پاک ایران اور پاک افغانستان تعلقات، خطے کی مجموعی صورتحال، غزہ، لبنان اور افغانستان سمیت علاقائی امن، امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز، اقتصادی تعاون اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی سفیر سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان اور ایران دو برادر اسلامی ممالک ہیں جو ایک جان، دو قالب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو معمولی اختلافات سے بالاتر ہو کر باہمی تعاون، اقتصادی روابط کے فروغ اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے مشترکہ کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے ایران، غزہ اور لبنان میں فوری، مکمل اور مستقل جنگ بندی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جب تک امریکی جارحیت کا سلسلہ جاری رہے گا، خطے میں پائیدار امن کا قیام ممکن نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم ممالک کو مشترکہ موقف اختیار کرنا چاہیے کیونکہ اسلامی ممالک کے درمیان اختلافات سے صرف دشمن قوتیں فائدہ اٹھاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل کی جارحانہ پالیسیوں کے مقابلے میں جماعت اسلامی ایرانی حکومت اور عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ رضا امیری مقدم نے خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مذاکرات کے فروغ کے لیے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان، ایران، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مفاہمت اور تعاون خطے کے امن و سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے مسائل کا پائیدار حل صرف مذاکرات کے ذریعے ممکن ہے اور آبنائے ہرمز، غزہ اور لبنان میں جنگ بندی سمیت اہم علاقائی معاملات پر پیش رفت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ افغان سفیر سے ملاقات میں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے عوام مذہبی، تاریخی اور ثقافتی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات پورے خطے کے امن اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باہمی اعتماد، احترام اور مسلسل رابطوں کے ذریعے تمام اختلافات ختم کیے جاسکتے ہیں، جبکہ مسلم ممالک کو اتحاد اور باہمی تعاون کو فروغ دے کر امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مشترکہ مقابلہ کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغانستان میں امن و استحکام نہ صرف پاکستان اور افغانستان بلکہ پورے خطے کے مفاد میں ہے۔ افغان سفیر سردار احمد شکیب نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون اور مثبت روابط خطے میں پائیدار امن اور ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے افغان عوام کے لیے پاکستان کے مختلف ادوار میں کیے گئے تعاون کو سراہا اور مختلف شعبوں میں دوطرفہ روابط بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ دونوں ملاقاتوں کے اختتام پر امت مسلمہ کے اتحاد، باہمی احترام، علاقائی امن و استحکام، اور اسلامی دنیا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا

بقیہ نمبر 51

کے امتحان کے لیے عمر کی بالائی حد اور امتحانی مواقع میں اضافے سے متعلق کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سینیٹر محمد عبدالقادر اور سینیٹر ایمل ولی خان نے شرکت کی، جبکہ سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور سینیٹر امیر ولی الدین چشتی نے ورچوئل ذریعے سے اجلاس میں حصہ لیا۔

بقیہ نمبر 52

آئی) کی جانب سے 13 اگست 2026 کو استنبول میں منعقد ہونے والی بزنس آپرچونٹی کانفرنس اینڈ گلوبل ایکسیلینس ایوارڈز وزیراعظم محمد شہباز شریف اور ترک صدر رجب طیب اردوان کے دوطرفہ تجارت کو 5 ارب ڈالر تک بڑھانے کے مشترکہ وژن کی عملی تعبیر کی جانب ایک بروقت اور مؤثر قدم ہے۔ منگل کے روز آئی سی سی آئی میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ ترکیہ پاکستان کا دوسرا گھر ہے اور دونوں برادر ممالک کے درمیان تاریخی، سیاسی اور عوامی تعلقات کو اب مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں (جوائنٹ وینچرز)، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مؤثر بزنس ٹو بزنس روابط کے ذریعے دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ وہ پاکستانی کاروباری وفد کی قیادت کرتے ہوئے ترکیہ جائیں گے

بقیہ نمبر 53

ہوئے بتایا کہ عوامی سہولت مرکز کی تمام خدمات سپریم کورٹ کی ویب سائٹ اور موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں، جس سے سائلین گھر بیٹھے مختلف عدالتی سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اکتوبر 2025 سے اب تک تقریباً 58 ہزار سائلین کو پبلک فیسیلیٹیشن سینٹر کے ذریعے خدمات فراہم کی جاچکی ہیں۔ سائلین کی مزید رہنمائی اور معاونت کے لیے ایک کال سینٹر بھی قائم کیا جارہا ہے۔ شمائلہ ناز کے مطابق عوامی سہولت مرکز میں مقدمات کی تفصیلات معلوم کرنے، نئے مقدمات کے اندراج، عدالتی احکامات کی نقول حاصل کرنے اور دیگر عدالتی خدمات کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ اس کے علاوہ مرکز میں قانونی معاونت کا فیچر بھی شامل کردیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو ابتدائی قانونی رہنمائی باآسانی دستیاب ہوسکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سپریم کورٹ کی ڈیجیٹل سہولیات میں جلد آٹو فکسیشن فیچر بھی شامل کیا جارہا ہے۔ ان کے مطابق آٹو فکسیشن پالیسی کے نفاذ سے مقدمات کو سماعت کے لیے مقرر کرنے کے عمل میں انسانی مداخلت ختم ہو جائے گی، جس سے شفافیت، تیز رفتاری اور انتظامی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 54

پہنچ گئیں۔ آئی ٹی شعبے نے 3.9 ارب ڈالر کا تجارتی سرپلس حاصل کیا، جو پاکستان کے سروسز شعبے کی تاریخ کا سب سے بڑا سرپلس ہے، مالی سال 26 میں فری لانسرز کی ترسیلات 78 فیصد اضافے کے ساتھ 1.76 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ ڈیجیٹل مہارتوں، ٹیکس مراعات، فارن کرنسی اکاؤنٹس اور اسکل ڈویلپمنٹ جیسے حکومتی اقدامات سے آئی ٹی شعبے کی ترقی کو فروغ ملا ہے، حکومت نے قومی اے آئی پالیسی 2025 متعارف کرائی، جبکہ 2030 تک اے آئی تحقیق اور خودمختار کمپیوٹنگ کیلئے ایک ارب ڈالر مختص کئے ہیں۔ ہری پور میں سینو پاک سینٹر فار اے آئی اور نسٹ میں نیشنل سینٹر آف اے آئی تعلیم، تحقیق اور ترقی کو فروغ دے رہے ہیں، ایس آئی ایف سی کی معاونت اور حکومتی اصلاحات پاکستان کو عالمی ڈیجیٹل معیشت میں مؤثر مقام دلانے میں معاون ثابت ہو رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 55

کے مطابق رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 71 لاکھ سے کم ہو کر 13 کروڑ 65 لاکھ 74 ہزار 399 رہ گئی۔ ذرائع الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ 14 لاکھ 84 ہزار 382 وفات پانے والے ووٹرز کو انتخابی فہرستوں سے خارج کر دیا گیا، ووٹرز فہرستوں میں 8 لاکھ 94 ہزار 924 نئے اہل ووٹرز شامل کئے گئے۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب میں 4 لاکھ 78 ہزار 909 ووٹرز کی کمی ہوئی، سندھ میں 97 ہزار 216 ووٹرز کم ہوئے، جس میں 4 لاکھ 50 ہزار مرد اور 1 لاکھ 38 ہزار خواتین ووٹرز شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن ذرائع کا کہنا ہے کہ انتخابی فہرستیں نادرا کے ڈیٹا کی بنیاد پر مسلسل اپ ڈیٹ ہوتی ہیں، قومی شناختی کارڈ سے منسلک ہونے کے باعث ڈپلیکیٹ ووٹرز کا امکان نہیں، انتخابی فہرستیں نادرا سے موصول ڈیٹا کی بنیاد پر سیکشن 25 کے تحت مسلسل اپ ڈیٹ کی جاتی ہیں

بقیہ نمبر 56

۔اپوزیشن رکن کی تحریک التواء کے مطابق پنجاب سے یہ سوال ہے کہ ان بسوں کی قیمت وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنی جیب سے ادا کی ہے، کیا یہ قیمت غریب عوام جو کہ مہنگائی کی وجہ سے خودکشیاں کرنے پر مجبور ہو چکی ہے ان کے خون پسینے کے ٹیکسوں سے ادا کی گئی ہے۔ تحریک التواء کے مطابق نہ تو پنجاب اسمبلی سے اسکی منظوری لی گئی ہے اور نہ ہی وزیر اعلیٰ نے اپنی جیب سے یہ بسیں خرید کر دی ہیں، یہ بسیں سیاسی رشوت کے طور پر اپنی پارٹی کا ووٹ بینک بڑھانے کے لیے آزاد کشمیر کے لوگوں کو فراہم کی گئی ہیں۔ تحریک التواء کے متن کے مطابق یہ صوبہ پنجاب کی عوام کے ساتھ سراسر زیادتی ہے اور اس حوالے سے صوبہ پنجاب کی عوام میں بڑی تشویش پائی جاتی ہے، استدعا ہے کہ اس تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

بقیہ نمبر 57

ہونے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ فلڈ کنٹرول روم کے مطابق ہیڈ پنجند پر دریائے چناب میں پانی کی آمد ایک لاکھ 44 ہزار 809 کیوسک جبکہ اخراج ایک لاکھ 30 ہزار 559 کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ گزشتہ روز کے مقابلے میں پانی کی سطح میں مزید اضافہ ہوا ہے جس کے باعث نشیبی علاقوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ انتظامیہ نے ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش نظر دریائے چناب کے کنارے آباد علاقوں کے مکینوں سے اپیل کی ہے کہ وہ احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے بروقت محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں تاکہ کسی بھی جانی نقصان سے بچا جا سکے۔ دوسری جانب بیٹ احمد، چک لہل، بیٹ بھٹو اور دیگر نشیبی علاقوں کے مکینوں نے انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے نقل مکانی کا عمل شروع کر دیا ہے جبکہ امدادی ادارے اور ضلعی انتظامیہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ پانی کی سطح میں مزید اضافے کی صورت میں ریسکیو اور امدادی اقدامات مزید تیز کر دیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 58

، پارلیمانی روابط اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسپیکر سردار ایاز صادق نے آذربائیجانی سفیر کی سفارتی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار پر استوار ہیں، جبکہ دونوں ممالک اہم علاقائی اور عالمی امور پر یکساں موقف رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر ممالک نے ہمیشہ علاقائی اور عالمی پارلیمانی فورمز پر ایک دوسرے کے موقف کی حمایت کی ہے، جو باہمی اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 59

پنجاب آفس پہنچنے پر لا افسران نے ان کا استقبال کیا اور گلدستہ پیش کیا، اس موقع پر نئے ایڈووکیٹ جنرل نے دفتر کے تمام لا افسران سے ملاقات بھی کی۔ بیرسٹر ظفر اللہ خان کی بطور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب تعیناتی امجد پرویز کا نام لاہور ہائیکورٹ کے جج کے لیے منظور ہونے کے بعد عمل میں آئی۔

بقیہ نمبر 60

استعداد کار اور بجلی کی پیداوار کے اعداد و شمار بھی طلب کیے ہیں۔ نیپرا حکام نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ سال آئی پی پیز کو 1149 ارب روپے کے انرجی چارجز اور 1800 ارب روپے کے کیپسٹی چارجز ادا کیے گئے۔ حکام کے مطابق رواں سال اپریل تک آئی پی پیز کو 1023 ارب روپے کے انرجی چارجز جبکہ 1430 ارب روپے کے کیپسٹی چارجز ادا کیے جاچکے ہیں۔ نیپرا حکام نے بتایا کہ گزشتہ ساڑھے پانچ سال کے دوران آئی پی پیز کو کیپسٹی چارجز کی مد میں مجموعی طور پر 7275 ارب روپے ادا کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 61

فوج کی جانب سے کسی بھی قسم کی دھمکی یا جارحانہ اقدام کو بغیر جواب کے نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قسم کی دھمکی یا جارحانہ اقدام کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی، بحری ناکہ بندی کا ردعمل دیا جائے گا

بقیہ نمبر 62

حج 2027 مقررہ مدت سے پہلے ہی پاسپورٹ تجدید کرا سکیں گے، وزارت مذہبی امور کی جانب سے حج کیلئے 16 نومبر 2027 تک مؤثر پاکستانی پاسپورٹ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزارت مذہبی امور نے پاسپورٹ دفاتر کو قبل از وقت تجدید کی درخواستیں وصول کرنے کی ہدایت کردی، ملک بھر اور بیرون ملک پاسپورٹ دفاتر کو تجدید درخواستیں نمٹانے کے احکامات جاری کر دیے گئے۔ عازمین حج پاسپورٹ رولز (3سی) کے تحت قبل از وقت پاسپورٹ تجدید کرا سکیں گے، عازمین حج اگلے مرحلے کیلئے 16 نومبر 2027 تک کارآمد پاسپورٹ تیار رکھیں۔ وزارت مذہبی امور نے واضح کیا ہے کہ کارآمد پاکستانی پاسپورٹ کے بغیر حج کی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 63

کا پاکستان سے کوئی تعلق نہیں۔ جو زبان اور الفاظ یہ عناصر استعمال کر رہے ہیں، پاکستان سے محبت کرنے والا کوئی بھی کشمیری یا ملک کے کسی بھی حصے سے تعلق رکھنے والا شہری اس انداز میں بات نہیں کر سکتا۔ ایسے عناصر کو پاکستان دشمنوں کی صف میں شامل کیا جانا چاہیے۔ فورسز پر حملے کرنے اور سیکیورٹی اہلکاروں کو شہید کرنے والے عناصر سے مذاکرات کے امکان سے متعلق سوال پر وزیر دفاع نے کہا کہ ان کے خیال میں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کا مذاکراتی عمل نہیں ہونا چاہیے۔ وہ ان عناصر کو بھی اسی زمرے میں رکھتے ہیں جس میں بھارت کو رکھا جاتا ہے، کیونکہ ان کے نزدیک یہ عناصر بھی پاکستان دشمن ہیں۔ آزاد کشمیر میں پہلے مرحلے کے انتخابات سے متعلق سوال پر خواجہ آصف نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو عوام کی بھرپور حمایت حاصل ہوئی ہے، تاہم اس مرحلے پر حتمی پیش گوئی کرنا قبل از وقت ہوگا۔ پہلے مرحلے میں جس انداز سے اللہ تعالیٰ نے مسلم لیگ (ن) کو کامیابی عطا کی اور آزاد کشمیر کے عوام نے پارٹی پر اعتماد کا اظہار کیا، اس سے آئندہ مراحل کے لیے مثبت اشارے ملتے ہیں۔ ابھی انتخابات کے مزید دو مراحل باقی ہیں، اس لیے یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ مسلم لیگ (ن) حکومت ضرور بنائے گی، تاہم انہیں امید ہے کہ باقی مراحل میں بھی کامیابی حاصل ہوگی اور پارٹی اکیلے حکومت بنانے کی پوزیشن میں آسکتی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں کہ انتخابی مہم کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی نے ان کے خلاف بھرپور مہم چلائی، لیکن اس کے باوجود مسلم لیگ (ن) نے واضح کامیابی حاصل کی، خواجہ آصف نے کہا کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کا کرم ہے۔

بقیہ نمبر 64

جس میں ڈائیونگ بیل، ایئر بیگز، ریموٹ آپریٹڈ وہیکل (ROV) اور دیگر جدید آلات استعمال کیے جائیں گے۔ آپریشن پر تقریباً 2 ارب 78 کروڑ روپے لاگت آنے کا امکان ہے۔ دوسری جانب طیارے کے مالک طارق راجہ متعدد بار رابطے کے باوجود تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش نہیں ہوئے۔ ذرائع کے مطابق دبئی میں مقیم طارق راجہ نے طبی وجوہات کی بنا پر ذاتی پیشی سے معذرت کر لی ہے، تاہم وہ ویڈیو لنک کے ذریعے تحقیقاتی حکام سے تعاون کریں گے۔ ذرائع کے مطابق بیورو آف ایئر کرافٹ سیفٹی انویسٹی گیشن اگست کے پہلے ہفتے میں پیش رفت سے متعلق رپورٹ حکومت پاکستان کو پیش کرے گا۔ ادھر بیورو آف ایئر کرافٹ سیفٹی انویسٹی گیشن نے کراچی ایئرپورٹ پر قائم ایئر لائن کمپنی کے دفاتر ڈی سیل کر کے انتظامیہ کے حوالے کر دیے ہیں، جبکہ حادثے کی تحقیقات اور طیارے کی تلاش کا عمل بدستور جاری ہے۔

سربراہ عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی سے سرفراز افضل ملاقات کر رہے ہیں

عوام مزید مہنگائی کا بوجھ نہیں اُٹھا سکتی: سرفراز افضل

سربراہ عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان مہنگائی کے خلاف تحریک کو خود لیڈ کرینگے

اسلام آباد(پ ر) سابق مُشیر وزیراعلیٰ پنجاب و رہنما عوام پاکستان پارٹی چوہدری سرفراز افضل نے کہا ہے کہ عوام کے اُوپر روزانہ کی بنیادوں ہر کو مہنگائی کا پہاڑ گرجا جارہا ہے عوام مزید اُس کا بھوج نہیں اُٹھا سکتی۔ آئے دن پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرنے سے روز مرہ کی زندگی اجیرن ہوگئی ہے۔ مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آگیا ہے جس کی وجہ سے عوام خودکشیوں پر مجبور ہے ان حالات میں عوام کا کوئی پُرسان حال نہیں۔ حکومت اور حکومتی اتحاد میں بیٹھی جماعتیں اس وقت دوسری ریاستوں کے وسائل اور حکومتوں پر قابض ہونے کی دوڑ میں ہیں۔ جبکہ اپوزیشن اس وقت ستو پی کر سورہی ہے ایسے میں عوام کی امنگوں کی ترجمانی اور انکے حقوق کی لڑائی لڑنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسرائیلی فوج کا فلسطینی شہریوں پر حملہ، شہری زخمی، ایک گرفتار

غزہ، تل ابیب، نیویارک (آئی این پی) مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی فوج کے چھاپوں اور آبادکاروں کے حملوں میں مزید شدت آگئی۔ فلسطینی خبر رساں ادارے وفا کے مطابق مختلف علاقوں میں اسرائیلی آبادکاروں کے حملے اور اسرائیلی فوج کی کارروائیاں جاری رہیں، اسرائیلی آبادکاروں نے مغربی کنارے میں گاڑیوں کے ذریعے سفر کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

شہر قائد میں پانی بحران شدت اختیار کر گیا ایک فلٹر پر شہری اپنے پانی کے برتن کی قطار لگائے ہوئے ہیں جو انتظامی ناقص کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے

ملک میں آج سے تیز بارشوں کی پیشگوئی، لینڈ سلائیڈنگ، فلیش فلڈنگ کا خطرہ، الرٹ جاری

ملک میں نئے سلسلے کے تحت کشمیر، گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، اسلام آباد، راولپنڈی، مری، گلیات اور پنجاب میں بارش کا امکان

کشمیر، مری، گلیات، بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ، الرٹ جاری

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں 29 جولائی سے 5 اگست تک مون سون بارشوں کے نئے اور طاقتور اسپیل کی پیشگوئی کر دی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرۂ عرب اور خلیجِ بنگال سے آنے والی مون سون ہوائیں 29 جولائی سے ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں داخل ہوں گی، جبکہ یکم اگست سے ایک مغربی ہوا کا سلسلہ بھی مزید شدت اختیار کرے گا، جس کے باعث کئی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارشیں متوقع ہیں۔ نئے سلسلے کے تحت کشمیر، گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، اسلام آباد، راولپنڈی، مری، گلیات اور پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پی ٹی سی ایل کا منافع 7.4 ارب روپے تک پہنچ گیا

یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے انضمام کے بعد آپریٹنگ آمدن میں نمایاں اضافہ ہوا

اسلام آباد (اے پی پی): پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کے مجموعی آپریٹنگ منافع میں سالانہ بنیادوں پر 226 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ یوفون اور ٹیلی نار پاکستان کے کامیاب انضمام اور مسلسل آپریشنل بہتری کے باعث پی ٹی سی ایل نے 7.4 ارب روپے خالص منافع حاصل کیا۔ یہ اعلان اسلام آباد میں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے بعد کیا گیا جس میں 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والی ششماہی مدت کے مالی نتائج کی منظوری دی گئی۔ پی ٹی سی ایل نے 2026ء کی پہلی ششماہی کے دوران فکسڈ لائن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 1)

وفاقی وزراء کا NDMA کا دورہ، مون سون سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات مکمل

رواں سیزن میں غیر معمولی بارشوں کا امکان، شمالی، مشرقی پاکستان میں مون سون سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر

موسمیاتی تبدیلی کے باعث فلیش فلڈ، لینڈ سلائیڈنگ اور اربن فلڈنگ کے خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے، احسن اقبال

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزرا اور اعلیٰ حکام نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کا دورہ کیا، جہاں مون سون بارشوں، ممکنہ سیلابی صورتحال اور موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، این ڈی ایم اے حکام نے بتایا کہ مون سون کے لیے مؤثر پیشگی اقدامات یقینی بنائے گئے ہیں، جبکہ رواں سیزن میں غیر معمولی بارشوں کا امکان ہے، شمالی اور مشرقی پاکستان کے علاقے مون سون سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو 2022 اور 2025 میں تباہ کن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6 2)

ملک شخصیات سے نہیں آئین سے چلتے ہیں، سینیٹر ایمل ولی

پاکستان کو بحرانوں سے نکالنے کا واحد راستہ آئین پر مکمل عملدرآمد ہے، صدر اے این پی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ ملک شخصیات سے نہیں آئین سے چلتے ہیں، پاکستان کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کا واحد راستہ آئین پر مکمل اور بلاامتیاز عملدرآمد، آزاد اور شفاف انتخابات، پارلیمان کی بالادستی، اداروں کی آئینی حدود کی پاسداری اور قانون کی یکساں حکمرانی ہے، اٹھارویں آئینی ترمیم اور حقیقی وفاقیت پاکستان کی مضبوطی کی ضمانت ہیں، جبکہ وسائل کی منصفانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مانسہرہ، صوبائی مشیر اطلاعات شفیع اللہ جان پریس کلب ممبران سے خطاب کر رہے ہیں

نوشہرہ سون، موٹر سائیکل سوار ٹریفک حادثہ میں جاں بحق

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) وادی سون کے نواحی موضع انگہ کا رہائشی نوجوان محمد شہزاد موٹر سائیکل پھسلنے کے نتیجے میں جان کی بازی ہار گیا تفصیلات کے مطابق حادثہ مین روڈ نوشہرہ اوچھالی پر محمدیہ مسجد کے قریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

عمران خان کی رہائی کیلئے ریلیاں نکالی جائیں گی، شفیع جان

5 اگست کو پشاور میں بڑا جلسہ سیمی فائنل ہوگا، مشیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی کی حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود اور انہیں سہولیات پہنچانے کیلئے عرصہ دراز سے کوشاں ہے یہ سلسلہ نہ صرف اس وقت جاری ہے بلکہ آئندہ بھی جاری رہے گا مختلف پریس کلبز اور صحافیوں کیلئے جتنے فنڈز کے پی کے حکومت نے جاری کئے اتنے فنڈز آج تک کوئی حکومت جاری نہیں کر سکی جو ایک ریکارڈ ہے ان خیالات کا اظہار وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مہر و رضا ہمارے مقتدا اور راہنما ہیں۔ علامہ ہاشم حقانی

حضرت احمد خان بریلوی اور پیر مہر علی کے ملفوظات روشن چراغ، علامہ نورزمان

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) مہر و رضا ہمارے مقتدا و راہنما ہیں۔ علامہ ہاشم حقانی۔ اعلیٰ حضرت احمد خان بریلوی اور پیر مہر علی شاہ گیلانی کی ملفوظات اور تحقیقات ہمارے لیے روشن چراغ ہیں۔ علامہ نورزمان رضوی۔ اکابرین کا راستہ ہی صراط مستقیم ہے۔ مفتی ناصر ساقی۔ کنزالایمان کی کامیابی فضل خدا ہے۔ کنزالایمان صرف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

طالبات کے لیے سیرت فاطمہ الزہراء کافی ہے۔ علامہ ہاشم حقانی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) طالبات کے لیے سیرت فاطمہ الزہراء کافی ہے۔ علامہ ہاشم حقانی۔ زیر تعمیر مرکز اہل سنت ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد پولیس کے سرچ آپریشنز مشکوک افراد تھانوں میں منتقل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کیے جن کے دوران 515 افراد 210 گھروں 42 دکانوں 14 ہوٹلوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

مذاکرات میں امریکی تجاویز مسترد کردیں، کاظم غریب آبادی

تہران (آئی این پی) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ تہران نے ثالثوں کے ذریعے کیے جانیوالے مذاکرات میں امریکی تجاویز مسترد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

فرنچ فرائز اور چپس کیلئے آلو کی چار نئی اقسام تیار

پی آر آئی ساہیوال کے سائنسدانوں نے تیار کی، خشک مادے کا تناسب 22 فیصد

لاہور (اے پی پی): آلو تحقیقاتی ادارہ (پی آر آئی) ساہیوال کے سائنسدانوں نے آلو کی چار نئی اقسام تیار کی ہیں جن میں خشک مادے (ڈرائی میٹر) کا تناسب 22 فیصد سے زیادہ ہے، ان اقسام کی تیاری کا مقصد پاکستان میں پروسیسڈ آلو کی صنعت خصوصاً فرنچ فرائز اور آلو کے چپس کی پیداوار کو فروغ دینا ہے۔ آلو تحقیقاتی ادارہ ساہیوال کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رانا آفتاب اقبال نے ویلتھ پاکستان کو بتایا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

تھانہ جاتلی پولیس کی کارروائی، قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تھانہ جاتلی پولیس کی کارروائی، قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسرائیلی فورسز نے خاتون سمیت 14 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج نے منگل کو مغربی کنارے میں فوجی چھاپوں میں ایک خاتون سمیت کم از کم 14 فلسطینیوں کو گرفتار کیا اور مقبوضہ علاقے میں تین مکانات مسمار کر دیئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ نابلس میں اسرائیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایس ایس پی آپریشنز کا چار اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز کا دورہ

قاضی علی رضا نے پولیس امور، سکیورٹی انتظامات اور عوامی خدمات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (اے پی پی): سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے تھانہ شالیمار، تھانہ مارگلہ، تھانہ ترنول اور تھانہ رمنا کا دورہ کیا۔ انہوں نے اسپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز (SIPS) پروگرام کے تحت تھانہ جات میں قائم مختلف شعبہ جات، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے تھانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

تھانہ جاتلی پولیس کی مؤثر تفتیش، اندھا قتل ٹریس

مویشیوں کے ڈیرے کا مالک اور اس کا ساتھی قاتل نکلے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تھانہ جاتلی پولیس کی مؤثر تفتیش، مویشیوں کے ڈیرے کے ملازم کا اندھا قتل ٹریس، دو ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی پولیس نے مؤثر تفتیش کرتے ہوئے مویشیوں کے ڈیرے کے ملازم کا اندھا قتل ٹریس کرکے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، مویشیوں کے ڈیرے کا مالک اور اسکا ساتھی قاتل نکلے، مقتول فرحان کی نعش 3 ہفتہ قبل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

مانسہرہ یونین آف جرنلسٹس کا ہر ممبر انتہائی قابل احترام ہے، اشتیاق تنولی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ یونین آف جرنلسٹس (رجسٹرڈ) کا اہم مشاورتی اجلاس، صدارت اشتیاق تنولی نے کی، کابینہ ممبران کی بھرپور شرکت، اہم امور پر تبادلہ خیال، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ یونین آف جرنلسٹ کا ضلعی اجلاس گزشتہ روز مرکزی یونین آفس جشمیر روڈ میں منعقد ہوا جس کی صدارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستان کا پہلا فلیگ شپ لگژری ٹاور میڈی کیم آئیکون ون لانچ

52 منزلہ ٹاور میں 2، 3 اور 4 بیڈ رومز پر مشتمل لگژری اپارٹمنٹس پینٹ ہاؤس موجود

پاکستان کا انتہائی پر تعیش اپارٹمنٹ کمپلیکس ساحل سمندر سے صرف 1 منٹ کی دوری پر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کا پہلا فلیگ شپ لگژری ٹاور میڈی کیم آئیکون ون لانچ کر دیا گیا کراچی میں لانچنگ تقریب میں بریفنگ میں بتایا گیا کہ 52 منزلہ رہائشی ٹاور 2، 3 اور 4 بیڈ رومز پر مشتمل لگژری اپارٹمنٹس+ ٹرائی پلیکس پینٹ ہاؤس یہ پاکستان کا انتہائی پر تعیش اپارٹمنٹ کمپلیکس ہے، جو ایک ممتاز مقام پر واقع ہے اور اس میں نامور ماہرین تعمیرات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی، میڈی کیم آئیکون ون لانچنگ کی تقریب سے ایم ڈی جنید خلیل نینی تال والا، طارق حسن و دیگر خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، علامہ ہاشم حقانی، علامہ نورزمان و دیگر محفل سے خطاب کر رہے ہیں

اقتدار کے بغیر وکام کر رہے جو کسی نے نہیں کرائے، خاقان خواجہ

جلد عوامی سطح پر مزید انقلابی اقدامات کا اعلان کرنیوالا ہوں، سربراہ عوامی قوت پارٹی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ بلدیاتی نظام میں اصل طاقت عوام کی ہے اور ہم کونسلر کی سطح پر اختیارات کی منتقلی کے حامی ہیں۔ بغیر اقتدار کے ہم عوامی سطح پر وہ کام کرا رہے ہیں جو گزشتہ کئی سالوں سے کسی نے نہیں کرائے یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں آئے ہوئے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ان وفود میں نمبردار راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

دریائے راوی میں پانی کی سطح بلند، نشیبی علاقے زیر آب، سینکڑوں گھر متاثر

حفاظتی بند ٹوٹنے سے پانی داخل ہوا، مقامی افراد، نقل مکانی شروع، مرکزی مسلم لیگ کے ہنگامی ریلیف اور میڈیکل کیمپ قائم

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) تحصیل فیروزوالا اور دریائے راوی کے کنارے واقع متعدد دیہات میں سیلابی صورتحال مزید سنگین ہوگئی، پانی کی سطح میں مزید دو سے تین فٹ اضافے کے بعد پٹھان کالونی کا مین لاہور جی ٹی روڈ سے زمینی رابطہ مکمل طور پر منقطع ہوگیا، متعدد گھر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سیکرٹری سکول مدثر ریاض نجی تعلیمی اداروں کی ایسوسی ایشنز سے خطاب کر رہے ہیں

حوثی گروہ کیساتھ تنازع کا پرامن حل چاہتے ہیں، یمنی وزیر خارجہ

صنعا (آئی این پی) یمن کی نئی وزیر خارجہ افراح الزوبہ نے کہا ہے کہ حکومت حوثی گروہ کے ساتھ تنازع کا پرامن حل چاہتی ہے، تاہم اگر حوثی اشتعال انگیزی جاری رکھتے ہیں تو حکومت صورتحال میں مزید کشیدگی کیلئے بھی تیار ہے۔ افراح الزوبہ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا حکومت اور حوثیوں کے درمیان فی الحال کوئی براہِ راست مذاکرات نہیں ہو رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد پولیس، عدالتی مفرور اور اشتہاریوں سمیت 18 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات کا اندراج

اسلام آباد (اے پی پی) اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے جس کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 18 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کئے گئے، ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد ہوا، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق اسلام آباد پولیس نے تھانہ کوہسار، تھانہ بنی گالہ، تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سرسبز اور سموگ فری پنجاب، گرین ریلوے کوریڈور منصوبے کا آغاز

چار مراحل پر مشتمل منصوبے کے ذریعے ریلوے کی ویران اور کوڑا کرکٹ کا شکار زمینوں پر 32 پارکس تعمیر کیے جائیں گے

پہلے مرحلے میں شاہدرہ سے رائیونڈ تک 20 ایکڑ رقبے کو خوبصورت سبزہ زاروں، باغات اور سیرگاہوں میں تبدیل کر دیا گیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے سرسبز اور سموگ فری پنجاب وژن کے تحت جدید دنیا کی طرز پر گرین ریلوے کوریڈور کے انقلابی منصوبے کا آغاز کر دیا گیا۔ چار مراحل پر مشتمل منصوبے کے ذریعے ریلوے کی ویران اور کوڑا کرکٹ کا شکار زمینوں پر 32 پارکس تعمیر کیے جائیں گے منصوبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کاروبار کے لئے قوت فیصلہ اول شرط ہے، پروفیسر عامر

انفرادی اور اجتماعی ترقی کیلئے سوچ اور صحیح وقت کا تعین کرنا ازحد ضروری

اسلام آباد (پ ر) کریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز کے زیر اہتمام پرنسپلز ٹریننگ ڈائریکٹوریٹ آف آئی سی کے مرکزی دفتر میں منعقد ہوئی۔ ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز پروفیسر محمد عامر نے from leadership to (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

خواتین، بچوں کو احتجاج سے دور رکھا جائے، خادم طاہر

اسلام آباد (خبرنگار) مصطفی رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم طاہر نے کہا ہے کہ راولاکوٹ میں دل ہلا دینے والے مناظر 20 افراد فورسز کی ل ے رحمانہ فائرنگ سے قتل درجنوں زخمی کوئی پوچھے والا نہیں وہ کونسے خفیہ ہاتھ ہیں جو راولاکوٹ کو ہی سزا دینا چاہتے ہیں جو دو ماہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

یکساں اکیڈمک کیلنڈر کی تشکیل کیلئے قائم کمیٹی کا پانچواں اجلاس

نجی تعلیمی اداروں سے متعلق متعدد اہم فیصلے اور قانون سازی کی یقین دہانی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب مدثر ریاض ملک کی زیر صدارت یکساں اکیڈمک کیلنڈر کی تشکیل کے لیے قائم کمیٹی کا پانچواں اہم اجلاس لاہور میں منعقد ہوا جس میں نجی تعلیمی اداروں سے متعلق متعدد اہم فیصلے اور قانون سازی کی یقین دہانی کرائی گئی اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ نجی تعلیمی اداروں کو کمرشل کیٹیگری سے نکال کر ان کے یوٹیلیٹی بلز کو ڈومیسٹک اسٹیٹس میں لانے سکول رجسٹریشن کی مدت چار سال کرنے بلڈنگ فٹنس سرٹیفکیٹ کے اجراء غیر رجسٹرڈ اداروں کی رجسٹریشن اور فیسوں کے معاملے اور پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

امن کمیٹی کے ممبران اور انتظامی اداروں کے ذمہ داران کا گروپ فوٹو

فیس بک سے مودی کی خطاب کی ویڈیو غائب، حکومت کا نوٹس

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی فیس بک پر شیئر کی گئی ایک ویڈیو اچانک سوشل میڈیا سے غائب ہوگئی جس کے بعد اس کی وجہ جاننے کی کوششیں شروع ہوگئیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سٹیٹ لائف نیا کاروباری ریکارڈ قائم کریگی، شعیب جاوید

کراچی (خبرنگار) اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کے پرنسپل آفس کراچی میں ریجنل چیفس اینڈ زونل ہیڈز اسٹریٹجی اینڈ ریویو کانفرنس کا انعقاد کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

مانسہرہ یونین آف جرنلسٹس کے مشاورتی اجلاس سے اشتیاق تنولی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پی ڈی ایم اے خیبر پختون خوا، مون سون بارشوں کا ہائی الرٹ جاری

سوات، ایبٹ آباد، پشاور، چارسدہ، سمیت دیگر نشیبی علاقوں میں اربن فلڈنگ کا خدشہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پی ڈی ایم اے خیبر پختون خوا نے مون سون بارشوں کے پیش نظر ہائی الرٹ جاری کر دیا، عوام سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت جاری، تفصیلات کے مطابق صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) اور محکمہ موسمیات کی جانب سے 29 جولائی سے 5 اگست 2026 تک خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں مون سون بارشوں/ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بعض مقامات پر موسلا دھار بارشوں کی پیشگوئی کی ہے جس کے بعد ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا نے بھی صوبہ بھر میں ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے ذرائع کے مطابق ریسکیو 1122 کے تمام ضلعی ایمرجنسی دفاتر، واٹر ریسکیو ٹیموں، ایمبولینس سروس، فائر و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مانسہرہ کے شہریوں کیلئے قبرستان کی اراضی خرید لی گئی

اسپیکر بابر سلیم سواتی کی کاوشوں رنگ لائیں، شہری و عوامی حلقوں کا اظہار تشکر

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ کے شہریوں کیلئے قبرستان کی اراضی خرید لی گئی، مانسہرہ میں عرصہ دراز سے درپیش قبرستانوں کی کمی کا مسئلہ حل، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی کی کاوشوں رنگ لائیں، شہری عوامی حلقوں کا اظہار تشکر، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر کے چار مختلف مقامات پر قبرستانوں کے لیے کروڑوں روپے فنڈ سے مجموعی طور پر 67 کنال اراضی ٹی ایم اے مانسہرہ کے حوالے کر دی گئی ہے ذرائع کے مطابق بٹ دریاں دیگراں گنڈا اور اوگرا میں قبرستانوں کے لیے اراضی مختص کر دی گئی ہے جس سے شہریوں کو اپنے جدا ہونے والے پیاروں کی تدفین کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ہندوتوا گروپ کی مسلم دکاندار کو دھمکی، کاروبار بند کرانے کا اعلان

لکھنو (کے ایم ایس) بھارتی ریاست اتر پردیش میں ایک مسلم دکاندار کو ہندوتوا گروپ کی جانب سے مبینہ طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

چین کی فوجی مشقوں میں ہتھیار سے لیس روبوٹ کتے کی شمولیت

بیجنگ (آئی این پی) چین کی فوجی مشقوں میں ہتھیار سے لیس روبوٹ کتے کی شمولیت نے عالمی سطح پر خاصی توجہ حاصل کی ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق چین اور کمبوڈیا کی مشترکہ گولڈن ڈریگن "فوجی مشقوں کے دوران ایک چار ٹانگوں والا روبوٹ کتا دکھایا گیا جس کی پشت پر خودکار رائفل نصب تھی۔ یہ روبوٹ شہری علاقوں میں لڑائی کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

قومی پیغام امن کمیٹی کا مقصد امن و اتحاد کا فروغ ہے: طاہر اشرفی

اقلیتوں کے نمائندوں کی شمولیت نفرتوں کے خاتمے اور باہمی احترام کے فروغ کی علامت

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان علمائے کونسل حافظ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ قومی پیغام امن کمیٹی وزیراعظم کی ہدایت اور فیلڈ مارشل کے وژن کے تحت قائم کی گئی ہے، جس کا مقصد ملک میں مذہبی ہم آہنگی، امن اور اتحاد کو فروغ دینا ہے۔ پشاور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ کمیٹی میں اقلیتوں کے نمائندوں کی شمولیت نفرتوں کے خاتمے اور باہمی احترام کے فروغ کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی پاکستان میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا، تمام مسالک نے متحد ہو کر اس کا سامنا کیا، پشاور چرچ دھماکے کے بعد بھی تمام مکاتب فکر کے علماء نے یکجہتی کا اظہار کیا تھا۔ حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

گوجرخان، چہلم امام حسینؓ کے موقع پر سیکیورٹی و انتظامی امور کا جائزہ

اسسٹنٹ کمشنر اور اے ایس پی کی فول پروف انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

گوجرخان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ اور اے ایس پی سید دانیال حیدر کی زیرِ صدارت اسسٹنٹ کمشنر آفس گوجرخان میں امن کمیٹی کے اراکین، انجمن اثناء عشریہ کے ذمہ داران اور متعلقہ انتظامی اداروں کے افسران کا اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینافلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک دیرپا پرنٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083